ABC CERTIFIED

لاہور، اسلام آباد، کراچی، کوئٹہ، پشاور، ملتان، سیالکوٹ، فیصل آباد سمیت دنیا بھر کی خبریں

تعمیری اور مثبت صحافت کا ترجمان

DAILY AWAMI MOHABBAT

روزنامہ

# عوامی محبت

قصور، پاکستان

عوامی محبت گروپ آف پبلیکیشنز



چیف ایڈیٹر: اقبال کھوکھر

سب ایڈیٹر: ڈاکٹر اظہر یونس

جلد نمبر 20 | پیر 21 جمادی الاول، 1448ھ 2 نومبر 2026ء 19 کاتک 2080ب | شمارہ نمبر 128

## چیئرمین شپ عالمی اقتصادی منظرنامے پر پاکستان کے موثر کردار کے اعتراف کا اہم سفارتی سنگ میل ہے، شہباز شریف

# وزیراعظم کا پاکستان کو جی 24 کی چیئرمین شپ ملنے پر اظہار مسرت

### اس سے عالمی اقتصادی امور میں پاکستان کے موثر کردار اور آواز کو مزید تقویت ملے گی، وزیر خزانہ، ٹیم کو بھی خراج تحسین



لاہور: وزیراعظم محمد شہباز شریف سے مسلم لیگ (ن) کے سینئر رہنما ملک سلطان محمود انجم ملاقات کر رہے ہیں۔

اسلام آباد/لاہور (سٹاف رپورٹر) وزیراعظم شہباز شریف نے پاکستان کو بین الحکومتی گروپ آف ٹوئنٹی فور (جی 24) کی چیئرمین شپ ملنے پر اظہار مسرت کرتے ہوئے اسے عالمی اقتصادی منظرنامے پر پاکستان کے موثر کردار کے اعتراف کا اہم سفارتی سنگ میل قرار دیا ہے۔ اپنے بیان میں وزیراعظم محمد شہباز شریف کہا کہ اس سے عالمی اقتصادی امور میں پاکستان کے موثر کردار اور آواز کو مزید تقویت ملے گی۔ وزیراعظم نے وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب اور وزارت خزانہ کی (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر1)

## چیئرمین سینیٹ کی گلگت بلتستان کے عوام کو یوم آزادی پر مبارکباد

### ڈوگرہ راج سے آزادی اور پاکستان سے الحاق کا فیصلہ مکمل تاریخ کا ایک قابل فخر باب ہے، یوسف رضا گیلانی

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے گلگت بلتستان کے 79ویں یوم آزادی کے موقع پر علاقے کے عوام کو دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے ان کی تاریخی (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر2)

## ایف بی آر کو پہلے چار ماہ میں 129 ارب روپے کے ٹیکس شارٹ فال کا سامنا

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) کو رواں مالی سال کے پہلے چار ماہ، جولائی سے اکتوبر کے دوران 129 ارب روپے کے ٹیکس شارٹ فال (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر3)

# بھارتی پنجاب اسمبلی نے کرتارپور راہداری فوری کھولنے کا مطالبہ کر دیا

بھارتی پنجاب اسمبلی نے کرتارپور راہداری فوری کھولنے کا مطالبہ کر دیا۔ راہداری کھولنے قرارداد بھارتی پنجاب اسمبلی میں متفقہ طور پر منظور کر لی گئی۔

### قرارداد میں پاکستان کے ساتھ سفارتی روابط کے ذریعے مسائل کے حل پر زور دیتے ہوئے کہا گیا کہ مذہبی عقیدت کو سیاسی اختلافات سے بالاتر رکھا جانا چاہیے۔

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) بھارتی پنجاب اسمبلی نے کرتارپور راہداری فوری کھولنے کا مطالبہ کر دیا۔ راہداری کھولنے قرارداد بھارتی پنجاب اسمبلی میں متفقہ طور پر منظور کر لی گئی۔ قرارداد وزیر تعلیم ہرجوت سنگھ بینس نے پیش کی، جس کی وزیر اعلیٰ بھگونت مان نے بھرپور حمایت کی۔ قرارداد میں پاکستان کے ساتھ سفارتی روابط کے ذریعے مسائل کے حل پر زور دیتے ہوئے کہا گیا کہ (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر4)

# مریم نواز کا 3 سال میں 10 لاکھ نوجوانوں کی اسکل ڈویلپمنٹ کا ہدف مقرر

### وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی زیر صدارت خصوصی اجلاس میں اسکل ڈویلپمنٹ پراجیکٹس پر تفصیلی بریفنگ دی گئی

پنجاب میں پہلا مارڈرن "ویڈ ورکنگ سنٹر آف ایکسی لینس" قائم کرنے کا فیصلہ کیا گیا، ٹیکنیکل ٹریننگ، امتحانات کی ڈیجیٹلائزیشن، آن لائن رجسٹریشن پورٹل، ڈیجیٹل امتحانی پرچے اور کیو آر کوڈ بھی ہوگا

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی زیر صدارت خصوصی اجلاس میں اسکل ڈویلپمنٹ پراجیکٹس پر تفصیلی بریفنگ دی گئی، وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے اگلے تین سال تک مجموعی طور پر 10 لاکھ نوجوانوں کی اسکل ڈویلپمنٹ کا ہدف مقرر کر دیا۔ ترجمان کی جانب سے جاری بیان کے مطابق پنجاب میں پہلا مارڈرن "ویڈ ورکنگ سنٹر آف ایکسی (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر5)

## پاکستان افغان طالبان سے صرف یہ کہتا ہے کہ وہ پاکستان کے اندر دہشت گردوں کی حمایت کرنا بند کرے، لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف

# افغان طالبان حکومت بھارتی پراکسی

## کرائے کے جنگجو استعمال کر رہے ہیں

ڈی جی آئی ایس پی آر

### دہشت گرد تنظیمیں ٹی ٹی پی اور بی ایل اے بھی پاکستان کے خلاف بھارتی پراکسی ہیں، افغان طالبان اپنے مذموم مقاصد کے لیے غیر ریاستی عناصر اور کرائے کے جنگجو استعمال کرتے ہیں۔

پاکستان افغان طالبان سے صرف یہ کہتا ہے کہ وہ پاکستان کے اندر دہشت گردوں کی حمایت کرنا بند کرے، افغان طالبان رجیم نے نورولی خارجی، بشیر زیب، گل بہادر جیسے دہشت گردوں کو پناہ دے رکھی ہے



لاہور: چیئرمین پاکستان علماء کونسل حافظ طاہر محمود اشرفی مرکزی مجلس شوریٰ و عاملہ کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

پاک فوج کے ترجمان لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا ہے کہ افغانستان کو غیر ریاستی عناصر چلا رہے ہیں اور یہ ایک رجیم ہے، افغان طالبان حکومت بھارت کی پراکسی ہے اور کرائے کے جنگجو استعمال کر رہے ہیں۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے ڈائریکٹر جنرل (ڈی جی) لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے عالمی خبر ایجنسی رائٹرز کو دو روز قبل دیے گئے (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر12)

## گورنر کے پی کا شہداء کے بچوں کی تعلیم، روشن مستقبل کیلئے عملی اقدام

### خیبر پختونخوا اور پاکستان سویٹ ہومز کی مشترکہ کاوش سے فری شہداء اسکالرشپ پروگرام کا آغاز کر دیا گیا، مفت تعلیم دی جائیگی

پشاور (سٹاف رپورٹر) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے شہداء کے بچوں کی تعلیم اور روشن مستقبل کیلئے عملی اقدام اٹھایا ہے۔ گورنر خیبر پختونخوا اور پاکستان سویٹ (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر13)



گورنر سندھ سید محمد نہال ہاشمی سے وفاقی وزیر امیر مقام ملاقات کر رہے ہیں

## ہائیکورٹ میں 11 ڈویژن، 27 سنگل بنچز کیسز کی سماعت کریں گے

لاہور (سٹاف رپورٹر) لاہور ہائیکورٹ کے ترمیمی روسٹر کے مطابق لاہور ہائیکورٹ پرنسپل سیٹ پر 11 ڈویژن اور 27 سنگل بنچز کیسز کی سماعت کریں گے۔ چیف جسٹس لاہور (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر9)

## بیکری آئٹمز بنانے والی فیکٹری میں سلنڈر دھماکے میں ایک شخص جاں بحق، 8 زخمی

لاہور (سٹاف رپورٹر) صوبائی دارالحکومت لاہور کے علاقے گلبرگ میں (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر10)

## عائشہ جٹ کیس میں رجب بٹ کی بریت کی درخواست پر محفوظ فیصلہ (آج) سنایا جائے گا

لاہور (سٹاف رپورٹر) نک نا کر عائشہ جٹ سے مبینہ زیادتی کے الزام میں رجب بٹ اور دیگر ملزمان کی بریت کی درخواست پر محفوظ فیصلہ آج (پیر) کے روز سنایا جائے گا۔ ایڈیشنل (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر11)

## کمسن بچیوں سے زیادتی کا ملزم مبینہ پولیس مقابلے میں مارا گیا

وزیر آباد (سٹاف رپورٹر) وزیر آباد تھانہ سوہدرہ کی حدود میں مبینہ پولیس مقابلے میں ملزم اپنے ہی ساتھیوں کی فائرنگ سے مارا گیا۔ پولیس کے مطابق ملزم جنید وزیر آباد (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر6)

## پنجاب میں گندم کی کاشت شروع، ایک کروڑ 65 لاکھ ایکڑ پر کاشت کا ہدف مقرر

لاہور (سٹاف رپورٹر) پنجاب اور خطہ پوٹھوہار میں گندم کی کاشت شروع (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر7)

## جمرود سول ہسپتال سے مبینہ طور پر چوری ہونے والی گاڑی برآمد، ڈرائیور گرفتار

خیبر (سٹاف رپورٹر) جمرود سول ہسپتال سے مبینہ طور پر چوری ہونے والی گاڑی جمکال سے برآمد کر کے ڈرائیور کو گرفتار کر لیا گیا۔ جمرود پولیس نے موٹر کار روائی کرتے (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر8)

## آئی جی پنجاب کا انوسٹی گیشن اور چالاننگ نظام مزید موثر بنانے کا حکم

### آئی جی پنجاب عبدالکریم کی زیر صدارت انوسٹی گیشن امور سے متعلق جائزہ اجلاس منعقد ہوا، جس میں خواتین اور بچوں کے ساتھ زیادتی کے واقعات، سنگین جرائم کی تفتیش اور پراسیکیوشن کے حوالے سے پیش رفت کا جائزہ لیا گیا

وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کے "محفوظ پنجاب ویژن" کے تحت خواتین اور بچوں کے ساتھ زیادتی اور تشدد کے واقعات ہماری ریڈ لائن ہیں۔ پولیس افسران ایسے جرائم کے مقدمات کو تیکنیکی بنیادوں پر بروقت کمپوز کرنے پر خصوصی توجہ دیں

(لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) آئی جی پنجاب عبدالکریم کی زیر صدارت انوسٹی گیشن امور سے متعلق جائزہ اجلاس منعقد ہوا، جس میں خواتین اور بچوں کے ساتھ زیادتی کے واقعات، سنگین جرائم کی تفتیش اور پراسیکیوشن کے حوالے سے پیش رفت کا جائزہ لیا گیا۔ آئی جی پنجاب عبدالکریم نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کے "محفوظ پنجاب ویژن" کے تحت خواتین اور بچوں کے ساتھ زیادتی اور (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر15)



کراچی: میئر کراچی بیرسٹر مرتضیٰ وہاب قلاتی ادارے الخیر ٹرسٹ کے ہیلتھ ڈائریکٹر ڈاکٹر موسیٰ کو روایتی سندھی اجرک پہنا رہے ہیں۔

## اسحاق ڈار کا مالدیپ کی وزیر خارجہ سے ٹیلی فونک رابطہ

### مالدیپ کی وزیر خارجہ اس وقت دولتِ مشترکہ کے سربراہانِ حکومت کے اجلاس میں شرکت کے لیے اسلام آباد میں موجود ہیں

ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق مالدیپ کی وزیر خارجہ نے مالدیپ کے صدر اور ان کے وفد کے حالیہ دورہ اسلام آباد کے دوران پرتپاک میزبانی پر پاکستان کا شکریہ ادا کیا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) نائب وزیر اعظم اور وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار کا مالدیپ کی وزیر خارجہ ارکھشام آدم سے ٹیلی فونک رابطہ ہوا، جس میں دوطرفہ تعلقات اور باہمی تعاون کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ مالدیپ کی وزیر خارجہ اس وقت دولتِ مشترکہ کے سربراہانِ حکومت کے اجلاس میں شرکت کے لیے اسلام آباد میں موجود ہیں۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر14)

## بھارت میں اقلیتوں اور ان کی عبادت گاہوں پر حملوں کے واقعات میں اضافہ

نئی دہلی (سٹاف رپورٹر) بھارت میں اقلیتوں اور ان کی مذہبی عبادت گاہوں پر حملوں و تشدد کے واقعات میں اضافہ ہو گیا ہے۔ انتہا پسند مودی کے اقتدار میں بھارتی مسلم اقلیت کے خلاف امتیازی اور پرتشدد ہجومی کارروائیوں میں شدت برقرار ہے۔ بھارتی جریدے کے مطابق بھارتی ریاست بہار میں ہندو توا عناصر کا مسجد پر حملہ، نمازیو (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر16)

## لائبہ اعجاز کیس کے ملزم نعمان کا منسوبہ کی 3 خواتین کے ساتھ بھی مالی فراڈ

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) لائبہ اعجاز کیس کے ملزم نعمان نے منسوبہ کی 3 خواتین کے ساتھ بھی مالی فراڈ کیا۔ پولیس ذرائع کے مطابق خواتین کو نوکری کا جھانسا دے کر ملزم نے (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر17)




لاہور: انتظامیہ سے تصادم کی بجد گئی روز تک بند رہنے کے بعد ٹولنٹن مارکیٹ میں جزوی کاروبار بحال نظر آ رہا ہے۔

## نئی جنگ ہوئی تو تنازع مغربی ایشیا تک محدود نہیں رہے گا، ایرانی فوج کی وارننگ

### نئی جنگ کی صورت میں تنازع مغربی ایشیا کے خطے تک محدود نہیں رہے گا۔

بریگیڈیئر جنرل محمد اکرامیئا کا کہنا ہے کہ ایران دنیا میں کہیں بھی قاتل رسائی امریکی مفادات، تنصیبات اور فوجی ساز و سامان کو نشانہ بنا سکتا ہے

تہران (سٹاف رپورٹر) ایرانی فوج کے ترجمان بریگیڈیئر جنرل محمد اکرامیئا نے خبردار کیا ہے کہ نئی جنگ کی صورت میں تنازع مغربی ایشیا کے خطے تک محدود نہیں رہے گا۔ بریگیڈیئر جنرل محمد اکرامیئا کا کہنا ہے کہ ایران دنیا میں کہیں بھی قاتل رسائی امریکی مفادات، تنصیبات اور فوجی ساز و سامان کو نشانہ بنا سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ امریکہ کی جانب سے دوبارہ جارحیت کی گئی تو ایران فوری اور پہلے سے کہیں زیادہ شدید ردعمل دے (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر18)

## اپنا کسان بینک کے اعلان کا خیر مقدم، حکومتی سرپرستی میں گودام بھی تعمیر کیے جائیں، ہمایوں اختر خان

### عوام دہائیوں سے سبز باغ دکھانے والوں کے چہروں سے آشنا، اب ان کے بہکاوے میں نہیں آئیں گے

فیصل آباد (نامہ نگار) نواز لیگ کے رہنما سابق وفاقی وزیر ہمایوں اختر خان نے کسانوں کو مالی سہولتوں کی فراہمی کے لیے اپنا کسان بینک کے اعلان کا خیر مقدم کرتے ہوئے تجویز دی ہے کہ اس منصوبے کو وسعت دے کر حکومتی سرپرستی میں گوداموں کی تعمیر بھی کی جائے تاکہ کسان اچھی قیمت ملنے تک اپنی فصلیں محفوظ رکھ کر مڈل مین کے استحصال سے بچ سکیں، کسانوں کو آسان شرائط پر قرضوں کی فراہمی سے زرعی اخراجات پورے کرنے اور فصلوں کی بہتر پیداوار کے امکانات بڑھ سکتے ہیں۔ ہمایوں اختر خان نے حلقہ این اے 97 کے دورے کے دوران علاقہ عمائدین، کسانوں، (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر19)

## بالائی خیبر پختونخوا اور گلگت بلتستان میں بارش، پہاڑوں پر برفباری کا امکان

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) ملک کے بیشتر علاقوں میں موسم خشک اور شمالی علاقوں میں جزوی ابر آلود اور بالائی خیبر پختونخوا اور گلگت بلتستان میں چند مقامات پر ہلکی بارش اور پہاڑوں پر ہلکی برفباری کا امکان ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق آئندہ چوبیس گھنٹوں میں ملک کے (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر20)

## بھارت میں سکھوں کے بدترین قتلِ عام کو 42 سال بیت گئے

### فسادات کے دوران ہزاروں بے گناہ سکھ قتل کیے گئے، سیکڑوں خواتین کو جنسی تشدد کا نشانہ بنایا گیا

نئی دہلی (سٹاف رپورٹر) بھارت میں سکھوں کے بدترین اور شرمناک قتلِ عام کو 42 سال بیت گئے۔ یکم نومبر 1984 بھارتی تاریخ کے دردناک واقعات میں شمار ہوتا ہے، جب سابق وزیر اعظم اندرا گاندھی کے قتل کے بعد شروع ہونے والے سکھ مخالف فسادات کو آج 42 سال گزر چکے ہیں۔ 31 اکتوبر 1984 کو اندرا گاندھی کے قتل کے بعد سکھوں کے خلاف جان لیوا تشدد شروع ہوا، جو 3 روز تک بلا روک ٹوک جاری رہا۔ ان فسادات کے دوران ہزاروں بے گناہ سکھ قتل کیے گئے، جبکہ سیکڑوں (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر25)

## جی 20 وزرائے خارجہ اجلاس کسی نتیجے پر پہنچے بغیر ختم

### روس کی شرکت پر اختلافات کے باعث روایتی گروپ فوٹو بھی منسوخ کر دیا گیا

واشنگٹن (سٹاف رپورٹر) امریکا کے شہر اٹلانٹا میں جی 20 ممالک کے وزرائے خارجہ کا دو روزہ اجلاس اہم عالمی مسائل پر اتفاق رائے کے بغیر اختتام پذیر ہو گیا۔ اجلاس میں روس یوکرین جنگ، ایران کے خلاف امریکا اور اسرائیل کی جنگ، امریکی تجارتی محصولات اور بحیرہ جنوبی چین میں کشیدگی سمیت اہم امور زیر بحث آئے۔ اجلاس کے اختتام پر مشترکہ اعلامیہ جاری نہیں کیا جا سکا تاہم امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو نے مشترکہ ترجیحات پر مشتمل چیئرمین کا بیان جاری کیا۔ روس کی (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر24)



لاہور: قائم مقام امیر جماعت اسلامی لیاقت بلوچ ختم نبوت کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں۔

## قومی معاملات پر ذمہ داری اور سنجیدگی کا مظاہرہ کیا جانا چاہیے، مرزا محمد جاوید

### قومی اتحاد، خود اعتمادی اور مضبوط موقف سے بڑے چیلنجز کا مقابلہ ممکن ہے، سابق رکن پنجاب اسمبلی

رائے ونڈ (سٹاف رپورٹر) مسلم لیگ (ن) کے رہنما اور سابق رکن پنجاب اسمبلی مرزا محمد جاوید نے کہا ہے کہ آج یہ امر باعث فخر ہے کہ پاکستان عالمی سطح پر ایک نمایاں مقام حاصل کر چکا ہے، معرکہ حق میں کامیابی کے بعد دشمن عزیز کو سفارتی محاذ پر بھی نمایاں پذیرائی ملی ہے اور پاکستان کا عالمی تشخص مزید مستحکم ہوا ہے۔ انہوں نے اپنے ایک بیان میں پاکستان نے اپنی صلاحیتوں، (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر23)

## ناراض بیوی کو منانے میں ناکامی پر ملزم کا چھریوں سے حملہ، خاتون پانچ بچوں سمیت زخمی

### ماں کو بچاتے ہوئے پانچ زخمی ہوئے، ماں اور بچوں کو طبی امداد کیلئے ہسپتال منتقل کر دیا گیا

لاہور (سٹاف رپورٹر) شیخوپورہ کالونی کے علاقے حاکم چوک کے قریب گھریلو تنازعہ پر ایک شخص نے اپنی بیوی اور پانچ بچوں کو چھریوں کے وار کر کے زخمی کر دیا جبکہ ملزم واردات کے بعد موقع سے فرار ہو گیا۔ پولیس کے مطابق ملزم ارشد اپنی ناراض بیوی کو منانے کے لیے سسرال گیا تھا تاہم بیوی نے اس کے ساتھ واپس جانے سے انکار کر دیا۔ اس بات پر ملزم طیش میں آ گیا اور (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر22)

## سیاسی و معاشی استحکام کیلئے قومی اتحاد، قانون کی بالادستی ناگزیر ہے، پنجاب بار کونسل

### سیاسی جماعتیں ملکی مفادات کو ترجیح دیں، وکلاء کی فلاح و بہبود اولین ترجیح ہے، وائس چیئرمین قیصر نذیر ساہی

لاہور (سٹاف رپورٹر) پنجاب بار کونسل کے وائس چیئرمین چوہدری قیصر نذیر ساہی اور چیئرمین ایگزیکٹو کمیٹی چوہدری ارشد علی اجرا نے کہا ہے کہ ملک کو موجودہ سیاسی و معاشی چیلنجز سے نکالنے کے لیے قومی یکجہتی، مضبوط اتحاد اور باہمی ہم آہنگی کی اشد ضرورت ہے، سیاسی جماعتیں (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر21)




لاہور: آئی جی پنجاب عبدالکریم انوسٹی گیشن امور اور سنگین جرائم کے کیسز کی تفتیش و پراسیکیوشن سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

فوری ضرورت ہے

دنیا بھر سے | ملک بھر سے

AOM NEWS TV CHANNEL

International Media Forum

عوامی محبت

بیورو چیف | ڈپٹی بیورو چیف | ڈسٹرکٹ رپورٹر | کرائم رپورٹر

سٹی رپورٹر | نیوز ایجنسی | انٹرنیشنل کوارڈینیٹر | میل اور فی میل

صرف سنجیدہ افراد کیلئے








ڈسپلیٹل پرنٹنگ کے لیے رابطہ کریں۔

رابطہ کریں

042-35950333, 0304-2198241, 0322-8077033, 0321-6462430

Awami_mohabbat@yahoo.com info.awamimohabbat@gmail.com

www.amanimohabbat.com

# عوامی محبت

www.awamimohabbatgroup.com

ایڈیٹر، پبلشر اقبال دانیال کھوکھر نے چترا پریس ہسپتال روڈ لاہور سے چھپوا کر کوٹرادھا کشن ضلع قصور سے جاری کیا


ایڈیٹر: اقبال کھوکھر، ڈپٹی ایڈیٹر: ڈاکٹر اظہر یونس، انچارج کرائم سیل: ملک طاہر محمود

میگزین ایڈیٹر: ایس ایم صابر، انچارج نمائندگان: رشید لال، سرکولیشن: اشرف آسی

قصور آفس: کوٹرادھا کشن، کوٹ علی گڑھ پی او بکس نمبر 08 قصور۔ لاہور آفس: سون مارکیٹ حمزہ ٹاؤن فیروز پور روڈ لاہور

awami_mohabbat@yahoo.com awamimohabbat9@gmail.com

042-35457330 www.awamimohabbatgroup.com

## فرمانِ قائدؒ


مجھے امید ہے کہ آپ میں سے ہر ایک اپنے اپنے دائرہ عمل اور اپنی اپنی ذمہ داری سے آگاہ ہوگا۔ مجھے آپ سے صرف یہ کہنا ہے کہ ایک دوسرے سے مکمل تعاون اور ہم آہنگی کے ساتھ کام کیجیے۔

(پشاور میں سرکاری افسران سے خطاب ۱۴ اپریل ۱۹۴۸)

## پیغامِ اقبالؒ

اے رہرو فرزانہ! بے جذب مسلمانی
بے راہ عمل پیدا نے شاخ یقین نم ناک
رمزیں ہیں محبت کی گستاخی و بے باکی
ہر شوق نہیں گستاخ ہر جذبہ نہیں بے باک

(بالِ جبریل)



## علاقائی تجارت اور جیو پولیٹیکل چیلنجز

سٹیٹ بینک آف پاکستان کے رواں مالی سال کی پہلی سہ ماہی سے متعلق جاری کردہ اعداد و شمار کے مطابق نو علاقائی ممالک کے ساتھ پاکستان کا تجارتی خسارہ 6.26 فیصد اضافے کے ساتھ 4 ارب 97 کروڑ ارب ڈالر تک پہنچ گیا ہے۔ گزشتہ سال کی اسی مدت (جولائی تا ستمبر) میں یہ خسارہ 3 ارب 93 کروڑ ڈالر تھا۔ محض ایک سال کے عرصے میں تجارتی توازن کا اس حد تک بگڑ جانا یہ ظاہر کرتا ہے کہ علاقائی منڈیوں میں پاکستان کی گرفت کمزور ہو رہی ہے۔ اس صورتحال کی سب سے بڑی وجہ ملکی برآمدات میں ہونے والی کمی ہے۔ رواں مالی سال کی پہلی سہ ماہی میں علاقائی ممالک کو برآمدات 944 ملین ڈالر رہیں جو گزشتہ سال ایک ارب دس لاکھ ڈالر تھیں۔ ایسے وقت میں جب ملک کو زرمبادلہ کے ذخائر کو مستحکم رکھنے کا چیلنج درپیش ہے' علاقائی منڈیوں سے حاصل ہونے والے ریونیو میں کمی معیشت کیلئے ایک خطرے کی گھنٹی ہے۔ اگر اس کے محرکات پر غور کیا جائے تو متعدد وجوہات سامنے آتی ہیں۔ علاقائی تجارت میں گراوٹ کی ایک بڑی وجہ جیو پولیٹیکل حالات ہیں۔ پاکستان کے اپنے پڑوسیوں کیساتھ تعلقات اتار چڑھاؤ؟ کا شکار ہیں' جس کا براہ راست اثر ملکی تجارت پر بھی پڑ رہا ہے۔ افغانستان کے ساتھ سرحدوں کی بندش کے باعث افغانستان کو ہونے والی برآمدات میں 88 فیصد سے زائد کمی آئی ہے۔ اسی طرح بھارت کے ساتھ تجارتی روابط طویل عرصے سے تعطل کا شکار ہیں۔ بنگلہ دیش اور سری لنکا جیسے جنوبی ایشیائی ممالک کے ساتھ بھی تجارتی حجم گراوٹ کا شکار ہے۔ اس وقت جنوبی ایشیا کی علاقائی تنظیم سارک اور آزادانہ تجارت کا معاہدہ 'سافٹا' علاقائی ممالک کی باہمی چپقلش کی وجہ سے مکمل طور پر غیر فعال ہیں جس کے باعث یہ پورا خطہ دنیا کے سب سے کم مربوط خطوں میں شمار ہوتا ہے۔ دنیا بھر میں بلاکس کی سیاست اور علاقائی کشیدگی کے باوجود تمام ممالک اپنے معاشی مفادات کا تحفظ کرتے ہیں۔ چین اور امریکہ یا چین اور بھارت کی مثالیں ہمارے سامنے ہیں جہاں شدید سیاسی و نظریاتی اختلافات کے باوجود سالانہ سینکڑوں ارب ڈالر کی باہمی تجارت ہوتی ہے۔ پاکستان کو بھی اپنی خارجہ اور معاشی پالیسیوں کو جیو اکنامکس میں ڈھالنا چاہیے۔ ہم تو اب تک اپنے دوست ملکوں کے ساتھ بھی تجارت کو صحیح طرح فروغ نہیں دے سکے ہیں۔ مثلاً چین پاکستان کا سب سے بڑا تجارتی شراکت دار ہے لیکن باہمی تجارت کا توازن یکطرفہ طور پر چین کے حق میں جھکا ہوا ہے۔ پہلی سہ ماہی کے دوران چین کیساتھ تجارتی خسارے میں 858 ملین ڈالر کا اضافہ ہوا۔ اگرچہ چین سے خام مال اور صنعتی مشینری کی درآمد ملکی مینوفیکچرنگ کیلئے ضروری سمجھی جاتی ہے لیکن پاکستانی مصنوعات کا چین کی وسیع مارکیٹ میں جگہ نہ بنا پانا ہماری برآمدی پالیسیوں اور مصنوعات کے معیار پر ایک بڑا سوالیہ نشان ہے۔ اس سلسلے میں کثیر جہتی حکمتِ عملی کی ضرورت ہے۔ پاکستانی مصنوعات بالخصوص زراعت' ٹیکسٹائل اور حلال فوڈز تھوڑی سے تگ و دو سے چین کی مارکیٹ میں اپنی جگہ بنا سکتی ہیں۔ اسی طرح افغانستان اور وسط ایشیائی ممالک کیساتھ تجارتی راستوں کو سیاسی تنازعات سے الگ رکھا جائے اور بارڈر مینجمنٹ کو جدید اور ڈیجیٹل خطوط پر استوار کیا جائے تو پاکستان اپنی جغرافیائی لوکیشن کے عین مطابق وسطی ایشیا اور جنوبی ایشیا میں ایک پل کا کردار ادا کر سکتا ہے۔ آج سمندری راستوں کے غیر محفوظ ہونے کے خدشات زمینی تجارت اور ریلوے نیٹ ورکس سے جڑے باہمی روابط کی اہمیت کو دوبارہ اجاگر کر رہے ہیں۔ پاکستان کا معاشی مستقبل بھی علاقائی روابط سے جڑا ہے۔

## علاقائی استحکام کی امید نو




مکہ دفاعی معاہدے کے رکن ممالک کا دورہ؟ تہران اور ایران کی سربراہی میں چار ملکی اجلاس مشرق وسطی اور مسلم دنیا کے تناظر میں بڑی اہم پیش رفت ہے' جس کے علاقائی امن و استحکام پر طویل مدتی اثرات مرتب ہونے کی امید ہے۔ پاکستان' سعودی عرب' ایران اور ترکیہ کے عسکری و انٹیلی جنس سربراہان کی تہران میں اس بیٹھک نے باہمی مکالمے اور اشتراک عمل سے خطے کے دیرینہ اور پیچیدہ مسائل کا حل نکالنے کا موقع پیدا کیا ہے۔ یہ تاریخی اقدام ایسے وقت پر سامنے آیا ہے جب خلیج کا پورا خطہ جنگ اور اس کے پھیلاؤ کے خدشات کی زد میں ہے۔ ایسے میں خطے کی چار بڑی طاقتوں کا ایک میز پر بیٹھ کر مستقبل کا لائحہ عمل طے کرنا ایک نئے تزویراتی دور کے آغاز کا اعلان ہے۔ مذکورہ اجلاس کے بعد مشترکہ اعلامیہ میں امن وسلامتی پر تعاون بڑھانے اور مذاکرات کے عمل کو جاری رکھنے پر اتفاق کیا گیا جو مسلم ممالک کے بڑھتے باہمی تعاون اور علاقائی سکیورٹی کے شعبے میں خود انحصاری کے ہدف کی غمازی کرتا ہے۔ مشترکہ بیان میں کہا گیا ہے کہ شرکا نے چاروں علاقائی ممالک کے درمیان تعاون' بشمول خطے میں امن اور سکیورٹی کو مزید مضبوط بنانے کیلئے ڈائیلاگ کا سلسلہ جاری رکھنے پر اتفاق کیا ہے جبکہ سعودی وزارت خارجہ کی جانب سے جاری کیے گئے بیان کے مطابق پاکستان' ترکیہ اور سعودی عرب کے نمائندوں کا دورہ؟ تہران موجودہ بحران کے فریقین کے درمیان کشیدگی کم کرنے کیلئے مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے کے رکن ممالک کی جاری کوششوں کا حصہ ہے۔ بلاشبہ یہ دورہ مسلم دنیا کے اندرونی خلفشار کو ختم کرنے' غلط فہمیاں دور کرنے اور باہمی اتحاد کو مضبوط بنانے کی ایک بڑی کوشش ہے جس کے مثبت نتائج کی توقع کی جاتی ہے۔ اس غیر معمولی سفارتی مشن کے پیچھے پاکستان کی عسکری اور تزویراتی بصیرت کارفرما ہے اور چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی دانشمندانہ تجویز پر ہی سہ ملکی اتحاد کے اعلیٰ وفد نے تہران کا دورہ کیا۔ فیلڈ مارشل کی اس اہم تجویز کو نہ صرف ریاض اور انقرہ نے قبول کیا بلکہ تہران نے بھی اس کا کھلے دل سے خیر مقدم کیا جو عالمی سطح پر پاکستان کے سفارتی مقام و مرتبے اور عسکری ساکھ کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ اس طرح پاکستان نے ثابت کردیا کہ وہ خطے میں پائیدار امن اور مسلم دنیا میں ہم آہنگی کیلئے قائدانہ کردار ادا کرتے ہوئے نہ صرف ایران امریکہ کشیدگی کے خاتمے کیلئے متحرک ہے بلکہ ایران اور سعودی عرب میں فاصلوں کو کم کرنے کیلئے بھی مخلصانہ کوششوں میں مصروف ہے۔ مسلم دنیا میں کشیدگی کے خاتمے اور باہمی قربت اور اعتماد کیلئے پاکستان کی یہ کوششیں بے مثال اور غیر معمولی ہیں۔ پاکستان نے ثابت کیا ہے کہ یہ مسلم ممالک کے درمیان اتحاد' مفاہمت اور بھائی چارے کا سب سے بڑا علمبردار ہے۔ اب تک مشرق وسطی سمیت اس خطے کی سکیورٹی کا دارومدار مغربی طاقتوں خصوصاً امریکہ کے سپرد رہا ہے مگر حالیہ عدم استحکام اور عسکری کشیدگی کے بڑھتے واقعات نے یہ ثابت کیا ہے کہ مسلم دنیا کیلئے اپنے سکیورٹی فیصلے خود کرنے کا وقت آ گیا ہے۔ بدقسمتی سے ماضی میں مسلم ممالک کچھ غلط فہمیوں' کچھ غلطیوں اور بہت حد تک اغیار کے پروپیگنڈا کی وجہ سے ایک دوسرے پہ عدم اعتماد کا شکار رہے' جس کا فائدہ ہمیشہ بیرونی دشمنوں نے اٹھایا۔ تہران اجلاس نے عدم اعتماد کی برف کو پگھلانے کا کام شروع کیا ہے۔ آج وقت کا سب سے بڑا تقاضا یہی ہے کہ مسلم ممالک اپنے اختلافات اور تنازعات سے نکلیں کیونکہ اب یہ ان کی سلامتی کا معاملہ ہے۔ مسلم امہ کی قوت اندرونی جھگڑوں میں الجھنے کے بجائے مشترکہ دشمنوں اور انکے مذموم عزائم کے خلاف استعمال ہونی چاہیے۔ تہران اجلاس نے اتحاد مسلم کی جو شمع روشن کی ہے اب یہ ان ملکوں کی قیادت پر ہے کہ وہ اس مثبت فضا اور مفاہمت کے ماحول کو ترقی دیں تاکہ مسلم دنیا امن' ترقی اور خوشحالی کے نئے اور روشن دور میں داخل ہوسکے۔

## شوہر نامہ۔۔۔!




دنیا میں مظلوموں کی کمی نہیں۔ کہیں غربت کے مارے لوگ ہیں، کہیں مہنگائی کے ستائے عوام، کہیں دفتری افسروں کے ہاتھوں پریشان ماتحت اور کہیں سیاست دانوں کے وعدوں تلے دبے ووٹر۔ مگر ان سب کے درمیان ایک ایسی مخلوق بھی آباد ہے، جس کی مظلومیت گھر کی چار دیواری سے باہر نہیں نکل پاتی۔ نہ اس کے لیے کوئی کمیشن بنتا ہے، نہ تحقیقاتی کمیٹی اور نہ کوئی احتجاجی تحریک چلتی ہے۔ جی ہاں! میری مراد شوہر ہے، جن کی داستانِ الم ہر گھر میں لکھی جاتی ہے، مگر اس کا مسودہ بیگم صاحبہ کی منظوری کے بغیر شائع نہیں ہوسکتا۔

شادی سے پہلے مرد خود کو شیر سمجھتا ہے۔ دوستوں میں رعب، محفلوں میں دبدبہ اور چہرے پر ایسا اعتماد جیسے دنیا کی تمام مشکلات اس کے سامنے گھٹنے ٹیک چکی ہوں۔ مگر شادی کے بعد اسے معلوم ہوتا ہے کہ شیر بھی پنجرے میں رہ سکتا ہے اور بعض پنجروں کی چابیاں مستقل طور پر بیگم صاحبہ کے پرس میں محفوظ ہوتی ہیں۔ شادی سے پہلے وہ اپنی مرضی سے بازار جاتا ہے، مگر شادی کے بعد فہرست، بجٹ، وقت اور واپسی کی نگرانی کے اصول بدل جاتے ہیں۔

یوں مرد کو آزادی کی اصل قیمت شادی کے بعد معلوم ہوتی ہے۔

شادی سے پہلے اس کا اعلان ہوتا ہے، ''میں اپنی زندگی اپنے اصولوں پر گزاروں گا۔'' شادی کے بعد پہلا اصول یہ بنتا ہے کہ ''جی بہتر! جیسا آپ مناسب سمجھیں۔'' دوسرا اصول یہ کہ خاموشی بہترین حکمتِ عملی ہے، اور تیسرا یہ کہ بیگم صاحبہ کے سوال ''کیا ہوا ہے؟'' کا جواب سوچ سمجھ کر دینا چاہیے۔ کیونکہ ''کچھ نہیں'' کہنے پر اگلا سوال ہوتا ہے، ''پھر شکل کیوں بنا رکھا ہے؟'' اور اگر وضاحت شروع کر دے تو فرمایا جاتا ہے، ''اچھا اب بحث مت کریں!'' بیچارہ شوہر سوچتا رہ جاتا ہے کہ آخر جواب کون سا درست تھا۔


گھر میں شوہر کی حیثیت بھی خوب ہے۔ کمانے والا ہو تو یہ اس کی ذمہ داری، نہ کمائے تو نااہل؛ بچوں کو وقت دے تو سوال اٹھتا ہے کہ گھر کے کام کون کرے، اور گھر کے کام کرے تو پوچھا جاتا ہے کہ بچوں کو وقت کیوں نہیں دیتا؟ خاموش رہے تو منہ پھلائے بیٹھا ہے، بولے تو بحث کرتا ہے۔ یوں لگتا ہے جیسے شوہر کی زندگی ایک ایسا امتحانی پرچہ ہے، جس کے سوالات بیگم صاحبہ بناتی ہیں، نمبر بھی وہی دیتی ہیں اور نظر ثانی کی درخواست بھی انہی کے پاس جاتی ہے۔

پھر آتی ہے تنخواہ کی باری! امر د مہینے بھر محنت کرتا ہے اور تنخواہ ملنے پر ابھی اسے گننے کا موقع بھی نہیں ملتا کہ گھر کے اخراجات، بچوں کی فیس، بجلی و گیس کے بل اور راشن قطار باندھ کر سامنے آ کھڑے ہوتے ہیں۔ شوہر تنخواہ کو سلام کرتا ہے اور تنخواہ رخصت ہو جاتی ہے۔ اگر اپنے لیے سوٹ خرید لے تو سوال ہوتا ہے، ''پہلے والے کو کیا ہو گیا ہے؟'' اور بیگم کے لیے تحفہ لے آئے تو ممکن ہے جواب ملے، ''اس کی کیا ضرورت تھی؟ پیسے بچا لیتے!'' اب وہ محبت کا اظہار کرے یا قومی بچت اسکیم میں سرمایہ کاری؟ یہی وہ مقام ہے جہاں شوہر کو احساس ہوتا ہے کہ جیب خالی ہونے کے باوجود ذمہ داریاں پوری طرح بھری ہوئی ہیں۔ دوستوں کے ساتھ چائے پینے کا پروگرام بھی کسی خفیہ سفارتی مشن سے کم نہیں۔ پہلے گھر سے اجازت، پھر واپسی کا وقت، راستے میں فون پر حاضری اور گھر پہنچ کر مکمل رپورٹ۔ دس منٹ کی تاخیر پر سوالات ایسے ہوتے ہیں جیسے سرحد پار سے واپسی پر امیگریشن حکام پوچھ گچھ کر رہے ہوں۔ دوست بھی کم نہیں، شادی سے پہلے کہتے تھے، ''یار! زندگی کھل کر جینا۔'' شادی کے بعد وہی دوست بیگم صاحبہ کے فون پر کہتے ہیں، ''بھابھی! بھائی صاحب بس پانچ منٹ میں روانہ ہو رہے ہیں۔'' حالانکہ وہ پانچ منٹ اتنے طویل ہو جاتے ہیں کہ چائے بھی ٹھنڈی اور دوستی بھی مشکوک ہونے لگتی ہے۔

## نیوروسائنس کے ماہر اینٹونیو ڈیمیزیو کے نظریات




امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کا یہ دعویٰ کہ ایران کے پاس ایسے میزائل موجود ہیں جن سے براہ راست امریکہ اور یورپ کو نشانہ بنایا جا سکتا ہے، ایک ایسے حساس وقت میں سامنے آیا ہے جب امریکہ میں صدارتی انتخابات کی گہما گہمی اپنے عروج پر ہے۔ اپنی انتخابی ریلیوں سے خطاب کرتے ہوئے وہ اس مؤقف پر زور دے رہے ہیں کہ ایران کے ساتھ تنازع یا جنگ کی ابتداء خود ایران کی طرف سے ہوئی ہے، اور بات اب یہاں تک آ پہنچی ہے کہ انہوں نے ایسے عسکری ہتھیار تیار کر لیے ہیں جو طویل فاصلہ طے کر کے مغربی دنیا بالخصوص یورپ تک مار کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔ اس سیاسی منظر نامے میں ڈونلڈ ٹرمپ اور باراک اوباما کے مابین سخت سیاسی رسہ کشی اور بیانات کے تبادلے نے انتخابی ماحول کو مزید گرم کر رکھا ہے۔ جہاں ایک طرف ٹرمپ کا روایتی انداز ایران اور مسلم مخالف لابی کے ساتھ جڑا ہوا دکھائی دیتا ہے، وہیں دوسری طرف اوباما اس صورتحال کا سیاسی فائدہ اٹھاتے ہوئے اپنی انتخابی مہم میں مسلمانوں کے ساتھ اظہار یکجہتی اور عدم نفرت کا پرچار کر رہے ہیں۔ ان کا یہ دعویٰ بھی سامنے آتا ہے کہ ٹرمپ نے ایران کے ساتھ بلاوجہ اور غیر ضروری جنگ کا آغاز کیا ہے، جبکہ وہ خود اپنے دورِ صدارت میں اس قسم کے مسائل کو صرف مذاکرات اور سفارتی ذرائع سے کامیابی کے ساتھ روکے ہوئے تھے اور اس وقت کسی قسم کی جنگی کیفیت موجود نہیں تھی۔ ان کے نزدیک ٹرمپ نے اپنے سیاسی مقاصد اور ذاتی مفادات کے حصول کے لیے تنازعات کو ہوا دی اور حالات کو اس نہج پر پہنچا دیا جس کی امریکہ کو اس وقت ہرگز کوئی ضرورت نہیں تھی۔ اس وقت امریکی سیاسی منظر نامے پر دونوں حریف امیدوار ایک دوسرے پر تابڑ توڑ سیاسی حملے کرنے میں مصروف ہیں، اور انتخابی پیشگوئیاں کرنے والے یہ توقع ظاہر کر رہے ہیں کہ شاید اس بار پلڑا اوباما کے حق میں جھکتا ہوا نظر آتا ہے۔ ناقدین کے نزدیک ڈونلڈ ٹرمپ سیاسی طور پر اپنے کیریئر کے آخری مرحلے سے گزر رہے ہیں، یہی وجہ ہے کہ وہ ہر محاذ پر جارحانہ بیان بازی اور سخت حملوں کی حکمت عملی اپنائے ہوئے ہیں۔ اس کشمکش کے دوران اوباما نہ صرف مسلمانوں کے دل جیتنے کی کوشش کر رہے ہیں بلکہ وہ جنگ سے نفرت اور بیزاری کا اعلانیہ اظہار کر کے عام امریکی عوام کی امن پسندی کو بھی کیش کرا رہے ہیں۔ اس میں کوئی دورائے نہیں کہ طویل اور تھکا دینے والی جنگوں سے بیزار ہو چکی امریکی عوام اب تبدیلی کی خواہاں ہے، اور یہ ممکن ہے کہ وہ آنے والے انتخابات میں کوئی ایسا فیصلہ صادر کرے جو عالمی سطح پر منڈلاتے ہوئے جنگ کے سیاہ بادلوں کو چھٹانے کا سبب بنے۔ دوسری جانب، سمندر پار مشرق وسطی کے اندر بھی سیاسی بساط تیزی سے پلٹ رہی ہے۔ اسرائیل کے اندر جاری انتخابات اور سیاسی ہلچل میں وزیر اعظم نتن یاہو کو بھی شدید اندرونی و بیرونی مشکلات کا سامنا ہے۔ ان کے سیاسی حریف اور اپوزیشن جماعتیں اس وقت نا صرف ان کی پالیسیوں کو ہدف تنقید بنا رہی ہیں بلکہ اس غیر ضروری اور خطے کو تباہی کی طرف دھکیلنے والی جنگ کو یکسر مسترد کر رہی ہیں۔ اسرائیلی سیاسی حلقوں میں نتن یاہو کی حکومت ڈگمگاتی ہوئی اور ان کی سیاسی کشتی گرداب میں پھنسی ہوئی دکھائی دے رہی ہے۔ اگر اتفاقیہ طور پر امریکہ اور اسرائیل دونوں اہم ممالک کے برسر اقتدار صدور اور وزرائے اعظم ایک ہی وقت میں اپنے اقتدار اور تخت سے ہاتھ دھو بیٹھتے ہیں، اور ان کی جگہ نئی حکومتیں، متبادل سیاسی چہرے یا امن پسند پارٹیاں اقتدار سنبھالتی ہیں، تو اس بات کا قوی امکان ہے کہ خطے میں جاری اس تباہ کن جنگی جنون میں نمایاں کمی آ جائے گی اور یہ تنازعہ بتدریج خاتمے کی طرف بڑھ سکے گا۔ عالمی اور علاقائی امن کے لیے اس قسم کی سیاسی تبدیلی اس وقت سب سے بڑی ضرورت بن چکی ہے، کیونکہ تاریخ گواہ ہے کہ جنگ کبھی بھی کسی پیچیدہ مسئلے کا مستقل اور عادلانہ حل فراہم نہیں کرتی۔ انسانی تاریخ کا مطالعہ کیا جائے تو یہ بات روز روشن کی طرح عیاں ہوتی ہے کہ جب بھی دنیا میں جنگیں لڑی گئیں اور غیر ضروری محاذ آرائیاں کی گئیں، تو اس کے نتیجے میں انسانیت کا نقصان تو ہوا لیکن مسائل کا حل نہیں نکلا۔ جنگوں کے شعلے بجھنے کے بعد بالآخر فریقین کو مذاکرات کی میز پر آنا ہی پڑتا ہے، اور جو فیصلے یا معاہدے بات چیت کے ذریعے طے پاتے ہیں، وہی طویل المدت اور پائیدار امن کی ضمانت بنتے ہیں۔ اس کے برعکس، طاقت اور جنگ کے زور پر جیتی گئی کوئی بھی حکومت کبھی بھی اندرونی طور پر مطمئن اور مستقل مزاج نہیں رہتی۔ فتح کے نشے میں چور ہونے کے باوجود ایسی حکومتوں کے سر پر ہمیشہ جوابی حملوں اور خطرات کے بادل منڈلاتے رہتے ہیں، اور وہ کبھی بھی مکمل طور پر بے فکر نہیں ہو سکتیں۔ موجودہ عالمی حالات کا تقاضا بھی یہی ہے کہ اگر دنیا میں حقیقی امن و امان کا قیام عمل میں لانا ہے، تو تمام عالمی طاقتوں اور ذمہ دار رہنماؤں کو ہوش کے ناخن لیتے ہوئے اعتدال کی راہ اپنانی ہوگی۔ بالخصوص ایران کے معاملے پر امریکہ اور اسرائیل کو اپنے جارحانہ اور جنگجو رویے سے فوری طور پر باز آنا چاہیے۔ اگر ان دونوں ممالک کے جاری الیکشن کے نتائج میں کوئی بڑی اور انقلابی تبدیلی رونما ہو جاتی ہے، تو یہ پوری دنیا اور بالخصوص خطے کے عوام کے لیے خوش آئند ثابت ہوگی۔ اب دیکھنا یہ ہے کہ آنے والے دنوں میں اونٹ کس کروٹ بیٹھتا ہے، اور دنیا کی یہ سیاست کس سمت کا رخ اختیار کرتی ہے، جس کا فیصلہ بہت جلد ہونے والا ہے۔







نیویارک، امریکہ کے بروکلین بورو میں واقع نیویارک سپریم کورٹ اپیلیٹ ڈویژن (سیکنڈ ڈیپارٹمنٹ) کے باہر، 'پیڈ-اے-ٹیر' (pied-a-terre) ٹیکس کی حمایت میں منعقدہ ایک ریلی کے دوران نیویارک سے ڈیموکریٹک اسٹیٹ سینیٹ کے امیدوار ایبر کواس خطاب کر رہے ہیں

### روس، یوکرین جنگ کے خاتمے میں مدد کیلئے تیار ہیں، ترک صدر کا ٹرمپ کو فون

انقرہ (این این آئی) ترک صدر طیب اردوان نے امریکی صدر ٹرمپ کو آگاہ کیا ہے کہ ترکیہ، سعودی عرب اور پاکستان کے ساتھ اپنے دفاعی اتحاد کے تحت، آبنائے ہرمز اور یمن میں درپیش مسائل کو سفارتی ذرائع سے حل کرنے کی کوششیں کر رہا ہے۔ ترک صدارتی دفتر کے مطابق طیب اردوان نے ٹرمپ کو فون پر صورتحال سے آگاہ کیا۔ صدر اردوان نے ٹرمپ کو بتایا کہ ترکیہ، یوکرین اور روس کے درمیان جاری جنگ کے خاتمے کے لیے دونوں ممالک کے مابین سفارتی عمل کو بحال کرنے کی کوششوں کی حمایت کرنے کو تیار ہے۔ ترکیہ، سعودی عرب اور پاکستان کے ساتھ آبنائے ہرمز اور یمن میں درپیش مسائل کو سفارتی ذرائع سے حل کرنے کی کوششیں کر رہا ہے، اردوان




واشنگٹن: 'ماریو کارٹ' (Kart Mario) کے کرداروں کا روپ دھارے شرکاء، 17 ویں اسٹریٹ 'ہائی ہیل ریس' (Race Heel High) سے قبل منعقدہ پریڈ میں حصہ لے رہے ہیں

## برطانوی بجٹ میں عوام کو ریلیف؛ گیس کے اضافی چارجز ختم، تنخواہوں میں بھی اضافہ

### تقریباً 20 ملین گھرانوں کو توانائی کے اخراجات کے لیے 100 پاؤنڈ فی گھرانہ دیے جائیں گے، وزیر خزانہ

لندن (این این آئی) برطانیہ کے وزیر خزانہ جان ہیلی نے اپنا پہلا بجٹ پیش کرتے ہوئے گیس بلوں میں اضافی مقررہ چارجز ختم کرنے، لاکھوں گھرانوں کو مالی امداد دینے اور کھانے پینے کی 100 سے زائد اشیا پر درآمدی محصولات معطل کرنے کا اعلان کیا ہے۔ برطانوی میڈیا کے مطابق بجٹ میں گیس بلوں پر مقررہ یومیہ چارجز 2027 میں ختم کیے جائیں گے، جس سے تقریباً 60 فیصد صارفین کو سالانہ اوسطاً 45 پاؤنڈ کی بچت ہوسکتی ہے۔ اس کے علاوہ انگلینڈ میں کونسل ٹیکس کے مخصوص درجوں میں آنے والے تقریباً 20 ملین گھرانوں کو توانائی کے اخراجات کے لیے 100 پاؤنڈ فی گھرانہ دیے جائیں گے۔ ادائیگیاں جنوری 2027 سے شروع ہوں گی۔ وزیر خزانہ نے بجلی کے بلوں پر ٹیکس میں رعایت جون 2027 تک بڑھانے اور ایندھن پر محصول میں کمی بھی برقرار رکھنے کا اعلان کیا۔ حکومت کے مطابق مشرق وسطی کی جنگ کے باعث توانائی کی قیمتوں میں اضافے نے برطانوی گھرانوں پر دباؤ بڑھایا ہے۔ بجٹ میں کھانے پینے کی 100 سے زائد درآمدی اشیا پر محصولات معطل کرنے اور کم آمدنی والے تقریباً 23 لاکھ ملازمین کی کم از کم اجرت میں 3.9 فیصد اضافے کا اعلان بھی کیا گیا ہے۔ یہ اضافہ اپریل 2027 سے نافذ ہوگا۔ بینکوں پر اضافی تین فیصد سرچارج جنوری سے 15 ماہ کے لیے عائد ہوگا جس سے حاصل ہونے والی رقم عوام کو توانائی کے اخراجات میں ریلیف دینے کے لیے استعمال کی جائے گی۔ تقریباً 20 ملین گھرانوں کو توانائی کے اخراجات کے لیے 100 پاؤنڈ فی گھرانہ دیے جائیں گے، وزیر خزانہ

## دنیا میں ایک اور جنگ کا امکان، شمالی کوریا کے حکمراں کا اپنی فوج کو تیار رہنے کا حکم

### شمالی کوریا کے حکمراں کا فوجی کمانڈرز کو جنگی تربیت کو مکمل بنانے کی ضرورت پر بھی زور دیا

پیانگ یانگ (این این آئی) شمالی کوریا کے حکمراں کم جونگ ان نے فوجی کمانڈروں کو جنگ کے لیے مکمل تیاری اور سخت تربیت یقینی بنانے کا حکم دیا ہے۔ عالمی خبررساں ادارے کے مطابق شمالی کوریا کے رہنما کم جونگ ان نے یہ بات کوریائی عوامی فوج کے کمپنی کمانڈروں کے تیسرے اجلاس کے شرکا کے ساتھ نشست کے دوران کہی۔ کم جونگ ان نے فوجی کمانڈروں پر زور دیا کہ وہ اپنی یونٹوں کو جنگ کے لیے پوری طرح تیار کریں اور سخت و مسلسل تربیت کے ذریعے ان کی کارکردگی میں نمایاں بہتری لائیں۔ انھوں نے حکمراں ورکرز پارٹی سے وفاداری ثابت کرنے کے لیے فوجی یونٹوں کو غیر معمولی جنگی صلاحیت کا حامل بنانے پر بھی زور دیا۔ یاد رہے کہ گزشتہ ماہ شمالی اور جنوبی کوریا کو الگ کرنے والے غیر فوجی علاقے میں دھماکے سے جنوبی کوریا کے 3 فوجی زخمی ہو گئے تھے۔ جنوبی کوریا نے واقعے کا الزام شمالی کوریا پر عائد کیا تھا تاہم کشیدگی کم کرنے کے لیے دونوں ملکوں کے درمیان فوجی رابطے بحال کرنے کی تجویز بھی دی گئی تھی۔ شمالی کوریا نے الزام کو مسترد کر دیا تاحال جنوبی کوریا کی مذاکرات کی پیشکش کا جواب نہیں بھی دیا۔ دونوں ممالک نے 21 ستمبر کے واقعے سے متعلق اپنا مؤقف اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کو بھی بھیجا ہے۔ واضح رہے کہ اس مشرق وسطی میں ایران جنگ کے باعث پہلے ہی کشیدگی ہے جب کہ یمن کے حوثیوں اور سعودی عرب کے درمیان جھڑپوں کا سلسلہ بھی جاری ہے۔ روس

## ایران پر حملے کی دھمکیوں کے درمیان ٹرمپ تہران سے مذاکرات کے لیے تیار

### امن مذاکرات کی بحالی کیلئے امریکی نائب صدر جے ڈی وینس کا محسن رضائی کو خط

واشنگٹن (این این آئی) امریکہ نے ایران کو جنگ کی دھمکیوں کے ساتھ مذاکرات کی بحالی کے لیے بھی کوششیں تیز کردیں، امریکی نائب صدر جے ڈی وینس نے امن مذاکرات کی بحالی کی کوشش میں ایرانی سکیورٹی کونسل کے سربراہ محسن رضائی کو ایک خط بھیجا ہے۔ عرب ٹی وی کے مطابق امریکی حکام نے بتایا کہ امریکی نائب صدر نے یہ خط امن مذاکرات کی دوبارہ بحالی کے لیے لکھا۔ امریکی میڈیا کے مطابق یہ رابطہ ایسے وقت میں سامنے آیا ہے جب امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے وسط مدتی انتخابات کے بعد ایران پر دوبارہ حملے کی دھمکی دی ہے۔ اخبار کے مطابق جے ڈی وینس یہ جائزہ بھی لے رہے ہیں کہ آیا دونوں ممالک کے درمیان کوئی ایسی سفارتی بنیاد قائم ہوسکتی ہے جس سے وسط مدتی انتخابات کے بعد ایران پر امریکہ کے ممکنہ مختصر مگر شدید فوجی حملے کو روکا جاسکے۔

## ایران پر نئے اسرائیلی حملے عالمی منڈیوں کے لیے تباہ کن ہوں گے، عباس عراقچی

### بہادر مسلح افواج وطن عزیز کے دفاع کے لیے مکمل طور پر تیار ہیں، ایرانی وزیر خارجہ کا بیان

تہران (این این آئی) ایران نے وارننگ دی ہے کہ ایران پر نئے اسرائیلی حملے عالمی منڈیوں کے لیے تباہ کن ثابت ہوں گے۔ ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے ایک بیان میں کہا کہ خلیج فارس کے خطے میں اسرائیل کی جانب سے کسی بھی قسم کی فوجی مہم جوئی عالمی منڈیوں پر تباہ کن اثرات ڈالے گی، جو گیس فراہم کرنے والوں اور صارفین، دونوں کے لیے ایک بڑی تشویش کا باعث ہے۔ امریکا اور اسرائیل دونوں نے عنقریب ایران پر دوبارہ حملوں کی دھمکیاں دی ہیں۔ امریکی اخبار کا دعویٰ ہے کہ امریکا مڈٹرم انتخابات کے بعد ایران پر مختصر مگر شدید حملوں کی تیاری کر رہا ہے۔ علاوہ ازیں ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے کہا کہ بہادر مسلح افواج وطن عزیز کے دفاع کے لیے مکمل طور پر تیار ہیں، جبکہ ایران سفارت کاری کو کامیاب ہونے کا ایک اور موقع دے رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم ثالثوں کے ساتھ مسلسل قریبی رابطے میں ہیں تاکہ ایسی تجاویز کا جائزہ لیا جا سکے جن کے ذریعے ہمارے سات روزہ منصوبے پر ایک بیٹھک سے بھی کم وقت میں عمل درآمد یقینی بنایا جاسکے۔ کہ امریکا مڈٹرم انتخابات کے بعد ایران پر مختصر مگر شدید حملوں کی تیاری کر رہا ہے۔ علاوہ ازیں ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے کہا کہ بہادر مسلح افواج وطن عزیز کے دفاع کے لیے مکمل طور پر تیار ہیں، جبکہ ایران سفارت کاری کو کامیاب ہونے کا ایک اور موقع دے رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم ثالثوں کے ساتھ مسلسل قریبی رابطے میں ہیں بہادر مسلح افواج وطن عزیز کے دفاع کے لیے مکمل طور پر تیار ہیں




میکسیکو سٹی، میکسیکو میں اینجل آف انڈیپنڈنس یادگار میں جنسی کام، رہائش کا حق، تعلیم، پانی کا حق، خود تعلق، تحفظ اور دیگر سماجی وجوہات سمیت مسائل پر توجہ مرکوز کرنے والے مختلف اجتماعات۔ یہ کارروائی میکسیکو میں سماجی اختلاف کو مجرمانہ بنانے کے خلاف ایک احتجاج

### نیتن یاہو کو کہنا ہوگا گھر جائیں، عرب رہنما یوسف جبارین

تل ابیب (این این آئی) عرب جماعت قائمۃ المشترکہ کے رہنما یوسف جبارین نے انتخابی نتائج کے بعد ایک بیان میں کہا کہ نیتن یاہو کو گھر بھیجنے کے لیے اب ہم سے بات کرنا پڑے گی۔ غیرملکی خبررساں ادارے کے مطابق عرب جماعت قائمۃ العربیہ کے رہنما منصور عباس نے کہا کہ ان کی کامیابی ایک نئے دور کا آغاز ہوگی۔ امریکی صدر نے کہا کہ نیتن یاہو جیت بھی سکتے ہیں اور مقابلہ برابر بھی ہوسکتا ہے، مقابلہ برابر رہنا فتح ہی بھی جائے گی۔ سینٹرل الیکشن کمیٹی کے مطابق 85 فیصد ووٹوں کی گنتی مکمل ہوگئی، مکمل نتائج آنے میں چند دن لگیں گے۔ نیتن یاہو کو کہنا ہوگا گھر جائیں، عرب رہنما یوسف جبارین




خارکیف: فائر فائٹرز روسی گولہ باری کا نشانہ بننے والے 'میسٹ' (Meest) پوسٹل ویئر ہاؤس میں لگی آگ بجھانے کے لیے فائر ہوز (پانی کا پائپ) استعمال کر رہے ہیں

## بقیہ جات 1

پوری ٹیم کی انتھک محنت، موثر سفارتکاری اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو سراہتے ہوئے خراج تحسین پیش کیا اور کہا کہ عالمی بینک اور بین الاقوامی مالیاتی فنڈ کے سالانہ اجلاسوں کے دوران پاکستان کے موثر کردار اور ترقی پذیر ممالک کی اقتصادی قیادت میں پاکستان کو نمایاں مقام دلانے کے لیے وزیر خزانہ اور ان کی ٹیم کی کاوشیں قابل ستائش ہیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ جی 24 کی چیئر مین شپ پاکستان کو عالمی مالیاتی نظام میں ضروری اصلاحات، موسمیاتی تبدیلیوں سے نمٹنے کے لیے منصفانہ مالی معاونت اور ابھرتی ہوئی معیشتوں کے لیے پائیدار ترقی کے مواقع کے فروغ کے حوالے سے موثر کردار ادا کرنے کا اہم پلیٹ فارم فراہم کرے گی۔

## بقیہ جات 2

جدوجہد، قربانیوں اور پاکستان سے غیر متزلزل وابستگی کو خراج تحسین پیش نے کہا ہے کہ ڈوگرہ راج سے آزادی اور پاکستان سے الحاق کا فیصلہ ملکی تاریخ کا ایک قابل فخر باب ہے۔ سینیٹ سیکرٹریٹ سے جاری بیان کے مطابق چیئرمین سینیٹ نے مختلف جمہوری حکومتوں کی جانب سے گلگت بلتستان میں متعارف کرائی جانے والی اہم اصلاحات کو سراہتے ہوئے بالخصوص شہید ذوالفقار علی بھٹو، شہید محترمہ بے نظیر بھٹو اور صدر آصف علی زرداری کی قیادت میں 2009 میں پیپلز پارٹی کی حکومت کے دور میں کیے گئے بااختیار بنانے کے اقدامات کو اہم سنگ میل قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ گلگت بلتستان پاکستان کے لیے تزویراتی، ثقافتی اور معاشی لحاظ سے غیر معمولی اہمیت کا حامل ہے۔ سید یوسف رضا گیلانی نے کہا کہ خطے کی پائیدار ترقی کے لیے بنیادی ڈھانچے، تعلیم، صحت، سیاحت اور روزگار کے مواقع میں بہتری ناگزیر ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ گلگت بلتستان کی ترقی اور خوشحالی پاکستان کی مجموعی ترقی سے جڑی ہوئی ہے اور امید ظاہر کی کہ اس خطے کے عوام ایک مضبوط، متحد اور خوشحال پاکستان کی تعمیر میں اپنا بھرپور کردار ادا کرتے رہیں گے۔

## بقیہ جات 3

کا سامنا کرنا پڑا ہے۔ ذرائع کے مطابق جولائی تا اکتوبر ایف بی آر کی ٹیکس وصولیاں 4 ہزار 88 ارب 20 کروڑ روپے رہیں جبکہ اس عرصے کیلئے ٹیکس وصولیوں کا ہدف 4 ہزار 217 ارب روپے مقرر کیا گیا تھا۔ اس کے باوجود ٹیکس وصولیوں میں گزشتہ سال کے مقابلے میں 7 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ حکام کے مطابق جون 2027 تک 15 ہزار 264 ارب روپے ٹیکس جمع کرنے کا ہدف مقرر ہے، جس کے حصول کے لیے ایف بی آر کو 17 فیصد شرح نمو درکار ہوگی۔ ذرائع کے مطابق اکتوبر میں ایف بی آر کی ٹیکس وصولیاں ایک ہزار 2 ارب روپے رہیں، جبکہ 31 اکتوبر کے آخری روز ٹیکس وصولیوں میں 27 ارب روپے کا اضافہ ہو سکا۔ ایف بی آر نے 31 اکتوبر تک 76 لاکھ انکم ٹیکس گوشوارے وصول کیے۔ دوسری جانب ریٹیلرز کے لیے ٹیکس اسکیم بھی مطلوبہ نتائج حاصل نہ کر سکی۔ حکام کے مطابق 36 لاکھ ممکنہ نان فائلر خوردہ فروشوں میں سے صرف 1750 نے اسکیم کے تحت رجسٹریشن کرائی، جبکہ صرف 220 نئے ٹیکس دہندگان نے ٹیکس گوشوارے جمع کرائے۔ ذرائع کے مطابق ایف بی آر نے ریٹیلرز اسکیم کے تحت 50 ارب روپے ٹیکس وصولی کا ہدف مقرر کیا تھا۔ حکام کے مطابق ایف بی آر نے نان فائلرز کے خلاف جرمانے عائد کرنے کا فیصلہ بھی کر رکھا ہے۔ نان فائلرز کو پہلے ماہ 10 ہزار روپے، دوسرے ماہ 25 ہزار روپے اور تیسرے ماہ 50 ہزار روپے جرمانہ عائد کیا جا سکے گا۔ ٹیکس نیٹ میں شامل نہ ہونے والے خوردہ فروشوں کے کاروباری مراکز سیل کرنے کا اختیار بھی ایف بی آر کو حاصل ہے

## بقیہ جات 4

مذہبی عقیدت کو سیاسی اختلافات سے بالاتر رکھا جانا چاہیے۔ قرارداد میں مرکزی حکومت سے کرتارپور راہداری دوبارہ کھولنے اور سکھ یاتریوں کے لیے بلا تعطل رسائی یقینی بنانے کے فوری اقدامات کا مطالبہ کیا گیا۔ بھارتی پنجاب اسمبلی نے کرتارپور راہداری کو مذہبی ہم آہنگی اور مشترکہ ورثے کی علامت قرار دیتے ہوئے سکھ یاتریوں کے لیے راہداری کھولنے اور سفری ضوابط آسان بنانے پر زور دیا۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق بھارت نے 7 مئی 2025 سے کرتارپور راہداری بند کر رکھی ہے۔ سیاسی مبصرین کا کہنا ہے کہ بی جے پی حکومت قومی سلامتی کے نام پر سیاسی کھیل کھیل رہی ہے۔ مودی حکومت مذہبی مقامات تک رسائی روک کر بنیادی انسانی حقوق کی خلاف ورزی کر رہی ہے اور سکھ برادری کے مذہبی جذبات اور عقائد کو مکمل نظرانداز کیا جا رہا ہے۔

## بقیہ جات 5

لیسی" قائم کرنے کا فیصلہ کیا گیا، ٹیکنیکل ٹریننگ، امتحانات کی ڈیجیٹلائزیشن، آن لائن رجسٹریشن پورٹل، ڈیجیٹل امتحانی پرچے اور کیو آر کوڈ بھی ہوگا۔ ڈیجیٹل ایگزامینیشن سسٹم سے دو لاکھ سے چھ لاکھ امیدوار امتحانات دے سکیں گے، ایگریکلچر، ہیوی مشینری آپریٹر سرٹیفکیشن پروگرام شروع کرانے کی منظوری دی گئی، الیکٹریکل، ویکل اینڈ ڈیجیٹل مارکیٹنگ کیلئے سنٹر آف ایکسی لینس قائم کیے جائیں گے۔ پنجاب میں پہلی مرتبہ سی ایم لینگویج لرننگ پروگرام کے تحت 13 زبانوں کی کورسز کرائے جائیں گے، پنجاب کی پہلی کلینک اینڈ کلینیکا اکیڈمی قائم کرنے کی منظوری دی گئی، پی سی سی اے کے تحت کلینک سپورٹ، ہیلتھ کیئر، ہاسپٹلٹی، ڈومسٹک ہیلپ اور دیگر شعبوں میں ٹریننگ دی جائے گی۔ پنجاب کے ٹیکنیکل کالج سے تربیت یافتہ الیکٹریشن کا اعزاز، 48 ورلڈ سکل شنگھائی مقابلوں میں چوتھی پوزیشن حاصل کر لی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کو اسکل ڈویلپمنٹ سے متعلق تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ بریفنگ میں کہا گیا کہ پنجاب میں چار لاکھ نوجوانوں کی سکل ٹریننگ مکمل، 45 فیصد سے زائد نوجوان برسر روزگار، بیشتر نے تعلیم جاری رکھنے کو ترجیح دی۔ اسکل ڈویلپمنٹ اینڈ انٹر پرینورشپ ڈیپارٹمنٹ کے تحت ٹریننگ مکمل کرنے والے دو لاکھ نوجوانوں کو باعزت روزگار مل گیا، سکل ڈویلپمنٹ اینڈ انٹر پرینورشپ ڈیپارٹمنٹ سے ٹریننگ کر کے 38 ہزار سے زائد نوجوانوں نے بیرون ملک ملازمت حاصل کر لی۔ بریفنگ کے مطابق مینوفیکچرنگ سیکٹر میں 113333 طلبہ کی ٹریننگ مکمل، 50 ہزار سے زائد فوری برسر روزگار، آئی ٹی سیکٹر میں 111607 نوجوانوں کی ٹریننگ، 49588 باعزت روزگار کمانے لگے، ایگریکلچر اینڈ لائیو اسٹاک کے تحت 23269 کی ٹریننگ مکمل، 10 ہزار 33 کو فوری روزگار مل گیا۔ کنسٹرکشن سیکٹر میں 27069 طلبہ کی ٹریننگ، 12026 برسر روزگار، انرجی سیکٹر میں 35227 نوجوانوں کی ٹریننگ، 15651 نے روزگار حاصل کر لیا، 15319 طلبہ نے ہاسپٹلٹی اینڈ ٹورازم ٹریننگ کر لی، 6807 فوری برسر روزگار ہیں، ٹریننگ مکمل کرنے کے بعد مجموعی طور پر 90029 مقامی انڈسٹری میں ملازمت حاصل کرنے میں کامیاب رہے۔ 53509 نے سیلف ایمپلائمنٹ، 38557 بیرون ملک ملازمت حاصل کرنے میں کامیاب، 39325 نے تعلیم جاری رکھنے کو ترجیح دی، دیہات میں ایمپاورنگ وویمن بذریعہ انفارمیشن ٹیکنالوجی پروگرام کے تحت 3000 خواتین گھر بیٹھے روزگار کمانے لگیں۔ 15065 اساتذہ اور سٹاف کو انڈسٹری، مینجمنٹ، تدریس اور سکلز اپ گریڈیشن ٹریننگ دی گئی، 220 کمپیوٹر لیب، 100 انڈسٹریل سیکنگ لیب، 70 سولر لیب، 27 ہیلتھ کیئر لیب، دی آر ویلڈنگ لیب اور الیکٹرک وہیکل لیب اپ گریڈ، "ماہر" پروگرام کے تحت لاہور، فیصل آباد، سیالکوٹ، گوجرانوالہ اور ملتان کے صنعتی کلسٹرز میں 25 ہزار نوجوانوں کی تربیت کا ہدف "گلوبل روزگار" پروگرام کے تحت پی پی او سیکٹر میں 25 ہزار نوجوانوں کی تربیت کا ہدف مقرر کیا گیا۔ "ایڈوانس لیک" پروگرام کے تحت 7500 نوجوانوں کو جدید ٹیکنالوجی میں انٹرنیشنل سرٹیفکیشن دی جائے گی، 6.2 ارب روپے کے "ہریالی" پروگرام کے تحت زراعت اور گرین انوائرمنٹ میں 20 ہزار نوجوانوں کی تربیت دی جائے گی، "پہچان اینڈ امید" پروگرام کے تحت 2474 خواجہ سراؤں کی تربیت مکمل، "امید" کے تحت 10 ہزار خصوصی افراد کو تربیت دی جائے گی، نیوٹا کے 69 اداروں میں یورپی کوالیفیکیشن فریم ورک کے مطابق سالانہ 45700 نوجوانوں کو تربیت دی جائے گی۔

## بقیہ جات 6

میں 6 سالہ معصوم بچی سمیت متعدد کمسن بچیوں سے زیادتی کے مقدمات میں ملوث تھا جو اپنے ہی ساتھیوں کی فائرنگ سے مارا گیا۔ پولیس کے مطابق ملزم کو پولیس ٹیسٹ کے بعد واپسی پر دو نامعلوم ساتھیوں نے پولیس حراست سے چھڑوانے کی کوشش کی اور ملزم اپنے ہی ساتھیوں کی گولیوں کی زد میں آ کر ہلاک ہوگیا۔ پولیس کے مطابق ملزم 2020 اور 2022 میں 5 اور 6 سالہ تین کمسن بچیوں سے زیادتی کے مقدمات میں بھی جیل جا چکا تھا۔ پولیس مقابلے کے دوران ملزم کے دو نامعلوم ساتھی فرار ہونے میں کامیاب ہوگئے۔ فرار ملزمان کی گرفتاری کے لیے ایس ڈی پی او وزیرآباد کی نگرانی میں خصوصی ٹیمیں تشکیل دی دی گئی ہیں اور فرار ملزمان کی گرفتاری کے لیے شہر بھر میں ناکہ بندی کر کے سرچ آپریشن جاری ہے۔

## بقیہ جات 7

ہوگئی ہے، امسال پنجاب میں گندم کی کاشت کا ہدف ایک کروڑ 65 لاکھ ایکڑ اور راولپنڈی ڈویژن میں گندم کی کاشت کا ہدف 16 لاکھ ایکڑ مقرر کیا گیا ہے۔ پنجاب سیڈ کارپوریشن کا تصدیق شدہ اور معیاری بیج 800 روپے کی سبسڈی کے بعد 7 ہزار روپے فی بیگ دستیاب ہے۔

## بقیہ جات 8

ہوئے مسروقہ گاڑی جہلم سے برآمد کی اور ڈرائیور کو گرفتار کر کے تفتیش شروع کی۔ ابتدائی تحقیقات کے مطابق ڈرائیور نے واقعے کو رقم کے لین دین تنازع کا شاخسانہ قرار دیا ہے۔ واضح رہے کہ 641 پی زیڈ اے گرے کلر کی موٹر کار مبینہ طور پر گزشتہ روز جمرود سول ہسپتال سے چوری ہوئی۔

## بقیہ جات 9

ہائیکورٹ کی سربراہی میں دو رکنی بنچ تمام نوعیت کی اپیلوں پر سماعت کرے گا۔

## بقیہ جات 10

بیکری آئٹمز بنانے والی فیکٹری میں گیس لیکج کے باعث سلنڈر دھماکے میں ایک ورکر جاں بحق اور 8 افراد زخمی ہوگئے۔ بتایا گیا ہے کہ دھماکہ اتنا شدید تھا کہ اس سے اردگرد کی عمارتیں لرز اٹھیں اور فیکٹری کی پہلی منزل کا کچھ حصہ منہدم ہوگیا۔ ریسکیو 1122 کے مطابق گورو مانگٹ روڈ گلبرگ پر واقع فیکٹری کے بیکنگ ایریا میں گیس اخراج کے باعث دھماکہ ہوا اور آگ بھڑک اٹھی۔ سلنڈر دھماکہ فیکٹری کی پہلی منزل پر ہوا جہاں حادثے کے وقت تقریباً 40 سے زائد ورکرز کام کر رہے تھے۔ حادثے کی اطلاع ملتے ہی ریسکیو 1122 اور پولیس کی ٹیموں نے موقع پر پہنچ کر بروقت امدادی کارروائیاں شروع کیں اور عمارت کے متاثرہ حصے سے ملازمین کو نکالا۔ حادثے میں 35 سالہ ساجد ولد فرید زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے جاں بحق ہوگیا جبکہ سلیم، حنیف، نواز، منیر اور اشتیاق سمیت آٹھ زخمی ہو گئے جنہیں طبی امداد کے لیے ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔

## بقیہ جات 11

سیشن جج ظفر اقبال چودھری کی جانب سے فریقین کے وکلاء کے دلائل مکمل ہونے کے بعد ملزمان کی بریت کی درخواستوں پر فیصلہ محفوظ کیا گیا جو آج بروز پیر 2 نومبر کو سنایا جائے گا۔ ملزمان کے خلاف تھانہ نواب ٹاؤن پولیس نے ٹک ٹاکر عائشہ جٹ کی شکایت پر مقدمہ درج کر رکھا ہے۔

## بقیہ جات 12

انٹرویو میں افغان طالبان حکومت کے حوالے سے واضح کرتے ہوئے کہا کہ بھارت پاکستان میں دہشت گردی کا سب سے بڑا اسپانسر ہے اور افغان طالبان رجیم بھارت کی پراکسی ہے۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گرد تنظیمیں ٹی ٹی پی اور بی ایل اے بھی پاکستان کے خلاف بھارتی پراکسی ہیں، افغان طالبان اپنے مذموم مقاصد کے لیے غیر ریاستی عناصر اور کرائے کے جنگجو استعمال کرتے ہیں۔ ڈی جی آئی ایس پی آر نے کہا کہ افغانستان کو اب بھی غیر ریاستی عناصر چلا رہے ہیں، یہ ایک رجیم ہے، افغانستان میں روسی مداخلت کے بعد وہاں متعدد ایجنسیوں اور پراکسیز نے اپنی جڑیں مضبوط کر لی ہیں اور جیش العدل، القاعدہ، آئی ایس کے پی جیسی بین الاقوامی دہشت گرد تنظیمیں بھی افغانستان میں موجود ہیں اور اس بات کی نشاندہی اقوام متحدہ اور امریکہ کے علاوہ کئی ممالک کر چکے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ پاکستان افغان طالبان سے صرف یہ کہتا ہے کہ وہ پاکستان کے اندر دہشت گردوں کی حمایت کرنا بند کرے، افغان طالبان رجیم نے نورولی خارجی، بشیر زیب، گل بہادر جیسے دہشت گردوں کو پناہ دے رکھی ہے، پاکستان میں دہشت گردی کے لیے تشکیل افغانستان سے آتی ہے اور وہیں سے انہیں اسلحہ بھی فراہم کیا جاتا ہے۔

## بقیہ جات 13

ہومز کی مشترکہ کاوش سے فخر شہداء سکالرشپ پروگرام کا آغاز کر دیا گیا، پروگرام کے تحت شہداء کے بچوں کو پہلی جماعت سے انٹرمیڈیٹ تک مفت تعلیم فراہم کی جائے گی۔ اس موقع پر گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ دفاع وطن میں شہید ہونے والے پاک فوج، پولیس، لیویز اور ایف سی اہلکاروں کے بچوں کو انٹرمیڈیٹ تک مفت تعلیم دی جائے گی، فخر شہداء سکالرشپ شہداء کے خاندانوں سے یکجہتی اور ان کی معاونت کے عزم کا عملی اظہار ہے۔ فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ خیبر پختونخوا کے بچوں کو بہتر تعلیمی مواقع فراہم کرنا اور انہیں معاشرے کا مفید شہری بنانا ہماری اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے کہا کہ شہداء کے بچوں کیلئے خصوصی کیڈٹ کالج قائم کیا جائے گا، جس کیلئے سرکاری زمین فراہم کریں گے۔

## بقیہ جات 14

مالدیپ کی وزیر خارجہ نے مالدیپ کے صدر اور ان کے وفد کے حالیہ دورہ اسلام آباد کے دوران پرتپاک میزبانی پر پاکستان کا شکریہ ادا کیا۔ دونوں وزرائے خارجہ نے طے پانے والی مفاہمت پر مکمل درآمد آگے بڑھانے اور قریبی روابط برقرار رکھنے کے عزم کا اعادہ کیا۔ ترجمان کے مطابق دونوں رہنماؤں نے دولت مشترکہ کے اجلاس کے ایجنڈے اور کثیر الجہتی تعاون سے متعلق امور پر بھی تبادلہ خیال کیا۔

## بقیہ جات 15

تشدد کے واقعات ہماری ریڈ لائن ہیں۔ پولیس افسران ایسے جرائم کے مقدمات کو ترجیحی بنیادوں پر بروقت یکسو کرنے پر خصوصی توجہ دیں۔ انہوں نے قتل، اغوا سمیت دیگر سنگین جرائم کے مقدمات کی بروقت یکسوئی یقینی بنانے کے لیے اقدامات مزید تیز کرنے کی ہدایت کی۔ آئی جی پنجاب نے 2024ء سے اب تک کے چالانوں اور اشتہاری ملزمان کا ریکین وار ڈیٹا 15 نومبر تک پی آر ایم ایس پر اپ ڈیٹ کرنے کا حکم بھی دیا۔ انہوں نے تمام ڈی پی اوز کو ہدایت کی کہ متعلقہ ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز کو مقررہ مدت میں اہداف مکمل کرنے کا ٹاسک دیں، جبکہ سکروٹنی اور انسپکشن کے ذریعے پیش رفت کی رپورٹس بھی حاصل کریں۔ آئی جی پنجاب نے کہا کہ ڈی پی اوز سنگین جرائم کی ایف آئی آرز کا خود جائزہ لیں اور ایس ڈی پی اوز اور ڈی ایس پیز لیگل کے کردار اور کارکردگی کو مزید موثر بنائیں۔ انہوں نے انویسٹی گیشن افسران کو ہدایت کی کہ عدالتوں میں پیشی سے قبل متعلقہ ڈی پی اوز کو مقدمات کے حوالے سے بریف کریں اور مکمل تیاری اور متعلقہ ریکارڈ کے ساتھ عدالتوں میں پیش ہوں۔ اجلاس میں انویسٹی گیشن افسران اور پراسیکیوشن کے درمیان رابطہ کاری بہتر بنانے کے لیے اقدامات اور لائحہ عمل کا بھی جائزہ لیا گیا۔ آئی جی پنجاب نے آر پی اوز کو انویسٹی گیشن اور چالاننگ میکانزم مزید موثر بنانے کے لیے اہداف مقرر کرنے کا حکم دیا۔ عبدالکریم نے واضح کیا کہ کرپشن، اختیارات سے تجاوز اور ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی میں ملوث اہلکاروں کا کڑا احتساب جاری رہے گا۔

## بقیہ جات 16

ل پر تشدد اور املاک میں توڑ پھوڑ کا واقعہ سامنے آیا ہے، جہاں مسجد کے امام کو ہراساں کرنے کے ساتھ مسجد کو بم سے اڑانے اور نمازیوں کو گولی مارنے کی دھمکیاں بھی دی گئیں۔ رپورٹ کے مطابق بھارتی ریاست مدھیہ پردیش میں بھی انتہا پسند بجرنگ دل کارکنوں نے مسلمان تاجروں کو وحشیانہ تشدد کا نشانہ بنایا گیا اور مذہبی تعصب کے باعث شدید زخمی مسلمان تاجروں کو اسپتال میں بستر کے بجائے فرش پر لٹایا گیا۔ بین الاقوامی انسانی حقوق کے ماہرین کے مطابق مودی کی سرپرستی میں ہندو انتہا پسندوں کی دیدہ دلیری کے باعث بھارت میں اقلیتیں مسلسل خوف اور عدم تحفظ کا شکار ہیں۔

## بقیہ جات 17

لاکھوں روپے بٹورے۔ ایک متاثرہ خاتون نے کہا کہ نعمان نے 2025 میں 12 لاکھ روپے لیے اور تعیناتی کے جعلی لیٹر دیے، ملازمت پر جوائننگ سے پہلے دیکھا تو سب ڈاکومنٹس جعلی تھے۔ دوسری خاتون نے بتایا ہے کہ ملزم کو مار کر سب ثبوت ختم کیے گئے، 2025 کے مقدمے کو سنجیدہ لیا جاتا تو آج لائبہ زندہ ہوتی۔ یاد رہے کہ امریکا میں اعلیٰ تعلیم کا خواب فراڈ ثابت ہونے پر شدید مالی نقصان اور ذہنی اذیت کا سامنا کرنے والی لائبہ نے گزشتہ ماہ مبینہ طور پر گلے میں پھندا ڈال کر خودکشی کی تھی۔ بعدازاں لائبہ اعجاز خودکشی کیس کا مرکزی ملزم نعمان پولیس حراست کے دوران اپنے ہی ساتھیوں کی فائرنگ سے مارا گیا تھا۔

## بقیہ جات 18

گا۔ ایرانی فوج کے ترجمان نے مزید خبردار کیا کہ مستقبل میں ہونے والی ممکنہ جنگ گزشتہ جنگ کے مقابلے میں زیادہ طویل ہو سکتی ہے۔

## بقیہ جات 19

تاجروں اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد سے ملاقاتیں کیں اور مقامی مسائل کے حل کے حوالے سے تبادلہ خیال کیا۔ اس موقع پر کسانوں کو درپیش مالی مشکلات، زرعی مداخل کی بڑھتی قیمتوں، آبپاشی، فصلوں کی مناسب قیمت اور اجناس کو ذخیرہ کرنے کی سہولتوں پر گفتگو کی گئی۔ حلقے کے عوام کو صاف پانی، سیوریج، رابطہ سڑکوں اور دیگر بنیادی سہولتوں کی فراہمی کے امور بھی زیر بحث آئے۔ ہمایوں اختر خان نے کہا کہ ہم نے انتخابات سے پہلے وعدہ کیا تھا کہ یہاں کی عوام سے اپنا تعلق مضبوط رکھیں گے، ہم نے اپنے وعدے پر پہرہ دیا ہے اور ان شاءاللہ ہر آنے والے دن یہ تعلق مزید مضبوط ہوگا۔ حلقے کی ترقی اور عوامی مسائل کے حل کے لیے متعلقہ فورمز پر آواز اٹھا رہے ہیں، سیاسی مخالفین ہمارے عزم سے حواس باختہ ہو کر منفی پراپیگنڈا کرنے میں مصروف ہیں لیکن عوام انہیں یکسر مسترد کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ عوام دہائیوں سے سبز باغ دکھانے والوں کے چہروں سے آشنا ہو چکے ہیں اور اب ان کے کسی بہکاوے میں نہیں آئیں گے۔ ہمایوں اختر خان حلقے میں انتقال کر جانے والوں کے گھروں میں بھی گئے جہاں انہوں نے مرحومین کے ورثاء سے اظہار تعزیت اور فاتحہ خوانی کی۔

## بقیہ جات 20

بیشتر علاقوں میں موسم خشک رہنے جبکہ شمالی علاقوں میں مطلع جزوی ابر آلود اور صبح و رات کے اوقات میں موسم سرد رہنے کا امکان ہے تاہم رات کے اوقات میں بالائی خیبر پختونخوا اور گلگت بلتستان میں چند مقامات پر ہلکی بارش جبکہ پہاڑوں پر ہلکی برفباری ہو سکتی ہے۔ حکام کے مطابق اسلام آباد اور گردونواح میں موسم خشک رہنے کا امکان ہے، تاہم صبح اور رات کے اوقات میں خنکی رہے گی۔ خیبر پختونخوا کے بیشتر اضلاع میں موسم خشک جبکہ پہاڑی علاقوں میں سردی رہے گی۔ چترال، دیر، سوات، کوہستان، کرم اور گردونواح میں مطلع جزوی ابر آلود رہنے کے علاوہ چند مقامات پر گرج چمک کے ساتھ ہلکی بارش ہو سکتی ہے۔ پنجاب کے بیشتر اضلاع میں موسم خشک رہنے کا امکان ہے۔ مری، گلیات اور گردونواح میں مطلع جزوی ابر آلود جبکہ صبح اور رات کے اوقات میں موسم سرد رہنے کی توقع ہے۔ سندھ کے بیشتر اضلاع میں موسم خشک جبکہ دن کے دوران گرمی رہے گی۔ بلوچستان کے بیشتر اضلاع میں بھی موسم خشک رہے گا، تاہم شمالی اضلاع میں صبح و رات کے اوقات میں سردی کا امکان ہے۔ کشمیر اور گلگت بلتستان میں مطلع جزوی ابر آلود اور موسم سرد رہے گا تاہم شام اور رات کے اوقات میں گلگت بلتستان میں چند مقامات پر گرج چمک کے ساتھ ہلکی بارش اور پہاڑوں پر ہلکی برفباری ہو سکتی ہے۔ گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران ملک کے بیشتر علاقوں میں موسم خشک جبکہ شمالی علاقوں میں سرد اور مطلع جزوی ابر آلود رہا۔ رپورٹ کے مطابق ریکارڈ کیے گئے زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت میں لیہ میں منفی چار، اسکردو میں منفی ایک اور استور میں تین ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا۔

## بقیہ جات 21

ذاتی اور جماعتی اختلافات سے بالاتر ہو کر قومی مفادات کو ترجیح دیں اور ملک کی ترقی و استحکام کے لیے مشترکہ کردار ادا کریں۔ اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ موجودہ حالات میں محاذ آرائی اور تقسیم کے بجائے مفاہمت، برداشت اور قومی سوچ کو فروغ دینا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ پاکستان کی ترقی کے لیے سیاسی و معاشی استحکام، آئین کی بالادستی، قانون کی حکمرانی اور بلاامتیاز انصاف کی فراہمی یقینی بنانا ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ مہنگائی، بجلی و گیس کے بڑھتے اخراجات اور عوام کو درپیش معاشی مشکلات کے خاتمے کے لیے حکومت اور تمام قومی اداروں کو سنجیدہ اقدامات کرنا ہوں گے۔ نظام انصاف میں بہتری، مقدمات کے بروقت فیصلوں اور سائلین کو فوری انصاف کی فراہمی پر بھی خصوصی توجہ دینے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ وکلاء برادری آئین و قانون کی بالادستی اور بنیادی انسانی حقوق کے تحفظ میں کلیدی کردار ادا کر رہی ہے اس لیے وکلاء کو معاشی اور پیشہ ورانہ تحفظ فراہم کرنا ضروری ہے۔ پنجاب بار کونسل وکلاء اور ان کے اہل خانہ کو صحت، علاج معالجے، تعلیم اور دیگر بنیادی سہولیات کی فراہمی کو اپنی ترجیحات میں شامل کیے ہوئے ہے۔ نوجوان وکلاء کی تربیت اور قانونی تعلیم کے معیار میں بہتری کے لیے بھی اقدامات جاری ہیں۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ وکلاء برادری کی فلاح وبہبود کے ساتھ ساتھ ملک میں جمہوری استحکام، قانون کی حکمرانی اور قومی اتحاد کے فروغ کے لیے اپنا بھرپور کردار ادا کرتے رہیں گے۔

## بقیہ جات 22

اس نے چھری سے بیوی پر حملہ کر دیا۔ ماں کو بچانے کے لیے بچے درمیان میں آگئے جس کے نتیجے میں پانچوں بچے بھی چھریوں کے وار سے زخمی ہوگئے۔ واقعے میں زخمی ہونے والی خاتون اور پانچوں بچوں کو طبی امداد کے لیے جنرل اسپتال منتقل کر دیا گیا۔ پولیس کے مطابق ملزم ارشد واقعے کے بعد فرار ہوگیا جس کی گرفتاری کے لیے کارروائی کی جا رہی ہے۔

## بقیہ جات 23

قومی اتحاد اور عزم کے ذریعے دنیا کو اپنی اہمیت کا احساس دلایا ہے۔ ہم نے اسلامی دنیا کو ایک نئی راہ دکھائی ہے اور ثابت کیا ہے کہ اتحاد، خود اعتمادی اور مضبوط قومی موقف کے ذریعے بڑے چیلنجز کا مقابلہ کیا جا سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی کامیابیوں کو مثبت انداز میں آگے بڑھانے اور قومی یکجہتی کو برقرار رکھنے کی ضرورت ہے۔ سیاسی اختلافات جمہوری عمل کا حصہ ہیں، تاہم قومی معاملات پر ذمہ داری اور سنجیدگی کا مظاہرہ کیا جانا چاہیے۔ مرزا محمد جاوید نے کہا کہ ہم کسی کو ذاتی حملوں کے ذریعے جواب نہیں دیں گے بلکہ اپنی کارکردگی، مثبت طرز عمل اور قومی خدمت کے ذریعے اپنا موقف پیش کریں گے۔ پاکستان کی ترقی، استحکام اور عالمی سطح پر وقار میں اضافے کے لیے تمام سیاسی قوتوں کو اپنا کردار ادا کرنا چاہیے۔

## بقیہ جات 24

شرکت پر اختلافات کے باعث روایتی گروپ فوٹو بھی منسوخ کر دیا گیا۔ یورپی سفارت کاروں نے روسی وزیر خارجہ سرگئی لاوروف کی موجودگی پر اعتراض کیا تھا۔ اجلاس میں آبنائے ہرمز اور باب المندب سمیت اہم سمندری تجارتی راستوں کو کھلا رکھنے، توانائی، غذائی تحفظ اور عالمی سپلائی چین کے معاملات پر بھی گفتگو ہوئی۔ دوسری جانب مشرق وسطیٰ کی صورتحال پر ایران نے امریکا اور اسرائیل کو حملوں سے باز رہنے کی تنبیہ کی جبکہ سعودی عرب نے ڈرون حملے کو ناکام بنانے کا دعویٰ کیا۔ اختلافات کے باوجود شرکا نے آئندہ ماہ فلوریڈا میں ہونے والے جی 20 سربراہی اجلاس کو کامیاب بنانے کے لیے کوششیں جاری رکھنے پر اتفاق کیا۔ امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو نے تسلیم کیا کہ عالمی مسائل کے حل کے لیے ممالک کے درمیان اب بھی گہرے اختلافات موجود ہیں۔

## بقیہ جات 25

خواتین کو جنسی تشدد کا نشانہ بنایا گیا۔ یہ افسوسناک واقعات محض سکھ برادری کے خلاف تشدد نہیں بلکہ انسانی حقوق اور بنیادی اقدار پر گہرا حملہ تھے۔ عالمی ذرائع ابلاغ اور بین الاقوامی جریدوں نے بھی سکھوں کے قتل عام کو بھارتی تاریخ کا شرمناک باب قرار دیا ہے۔ ڈپلومیٹ کے مطابق انتہا پسند ہندوؤں نے ووٹر فہرستوں کے ذریعے چن چن کر سکھوں کی شناخت کر کے انہیں موت کے گھاٹ اتارا۔ ہیومن رائٹس واچ کے مطابق بھارتی حکومت کی سرپرستی میں سکھوں کے خلاف باقاعدہ نسل کشی کی مہم چلائی گئی۔

## بقیہ جات 26

قطرے پلانے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ خیبر پختونخوا کے 27 اضلاع میں 48 لاکھ 8 ہزار بچوں کو پولیو ویکسین پلائی جائے گی جبکہ بلوچستان کے 31 اضلاع میں 22 لاکھ 17 ہزار بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائے جائیں گے۔ اسلام آباد میں بھی 4 لاکھ 47 ہزار بچوں کو پولیو کے حفاظتی قطرے پلائے جائیں گے۔ گلگت بلتستان کے 3 اضلاع اور آزاد کشمیر کے 2 اضلاع میں بھی انسداد پولیو مہم کے دوران بچوں کو حفاظتی قطرے پلائے جائیں گے۔

## بقیہ جات 27

بلدیاتی انتخابات عوام کو بااختیار بنانے اور ان کے بنیادی مسائل مقامی سطح پر حل کرنے کا اہم ذریعہ ہیں۔ پاکستان پبلک ایکشن فورم بلدیاتی انتخابات میں حصہ لے کر عوام کی حقیقی آواز بنے اور ان کے مسائل کے حل کے لیے عملی اقدامات کرے گا۔ تعلیم کا فروغ، انصاف تک عام آدمی کی رسائی اور زرعی پیداوار میں اضافہ فورم کے بنیادی اہداف میں شامل ہیں۔ آصف سلیم مٹھا نے کہا کہ فورم مقامی حکومتوں کے نظام کو موثر بنانے، عوامی ضروریات کو اجاگر کرنے اور متعلقہ اداروں کے ساتھ رابطے کے ذریعے مسائل کے حل کے لیے اپنا کردار ادا کرے گا۔ انہوں نے کہا کہ بلدیاتی انتخابات کے لئے پڑھے لکھے نوجوانوں کو ٹکٹ دیئے جائیں گے اور اس کے لئے ہوم ورک شروع کر دیا گیا ہے

## بقیہ جات 28

کرنے کے شواہد سامنے آگئے۔ بلوچستان میں سیکیورٹی فورسز نے ہلاک ہونے والے بھارتی پراکسی فتنہ الہندوستان کے دہشت گردوں سے امریکی ساختہ ہتھیار برآمد کیے ہیں، جس میں M16 اور M4 رائفلز، ایمنگ لیزر اور نائٹ ویژن ڈیوائسز شامل ہیں۔ طالبان لیڈر ملا ہیبت اللہ کا فتنہ الہندوستان کو طالبان رجیم کی جانب سے اسلحہ فراہمی کے لیے لکھا گیا خط بھی دونوں کے گٹھ جوڑ کا واضح ثبوت ہے۔ اس حوالے سے خفیہ رپورٹ کے مطابق بھارتی خفیہ ایجنسی را نے بلوچستان میں تخریب کاری اور دہشت گردی کے لیے 78 لاکھ ڈالر کی ادائیگی کی ہے۔ بھارتی ریٹائرڈ کرنل بھی فتنہ الہندوستان اور فتنہ الخوارج کے ذریعے پاکستان میں دہشت گرد حملوں میں افغان سرزمین سمیت بھارتی اور اسرائیلی کردار کا اعتراف کر چکا ہے۔ امریکی جریدے ایسوسی ایٹڈ پریس کے مطابق انٹیلی جنس رپورٹ میں پاکستان میں دہشت گردی کے لیے افغان گورنر ملا شیرین کی میزبانی میں بھارت افغان انٹیلیجنس حکام کے اجلاس کا انکشاف ہو چکا ہے۔ اجلاس میں دہشت گرد تنظیم فتنہ الہندوستان، القاعدہ اور خارجی گل بہادر گروپ کے نمائندے شامل تھے۔ امریکی واچ ڈاگ سیگار کی رپورٹ کے مطابق افغانستان میں امریکا کی جانب سے چھوڑا گیا 1.7 ارب ڈالر کا اسلحہ افغان رجیم کی سرپرستی میں دہشت گرد تنظیمیں استعمال کر رہی ہیں۔ اقوام متحدہ سمیت عالمی جرائد بھی افغان طالبان رجیم کے فراہم کردہ امریکی ہتھیاروں کی دہشت گرد گروہوں تک رسائی کے سنگین پہلوؤں کو بے نقاب کر چکے ہیں۔

## بقیہ جات 29

دوران 174,9 جبکہ 2026 کے پہلے نو ماہ میں مزید 344 نوٹس شامل ہیں۔ رپورٹ کے مطابق الخلیل (ہیبرون) سب سے زیادہ متاثر ہونے والا علاقہ ہے، جہاں 697,2 نوٹس جاری کیے گئے۔ اس کے بعد بیت لحم میں 310,1، رام اللہ والبیرہ میں 118,1 اور مقبوضہ مشرقی یروشلم میں 929 نوٹس ریکارڈ ہوئے۔ کمیشن کا کہنا تھا کہ یہ تعداد زیادہ بھی ہو سکتی ہے کیونکہ یہ صرف ان کیسز پر مبنی ہیں جنہیں کمیشن اور اس کے قانونی شراکت داروں نے دستاویزی شکل دی ہے۔ اقوام متحدہ کے انسانی امور کے رابطہ دفتر کے مطابق اسی عرصے کے دوران مغربی کنارے میں تقریباً 12 ہزار فلسطینی املاک منہدم کی گئیں، جس کے نتیجے میں 18 ہزار سے زائد فلسطینی بے گھر ہوئے جبکہ تقریباً 8 لاکھ 43 ہزار افراد کسی نہ کسی طرح متاثر ہوئے۔ اقوام متحدہ کے ریکارڈ میں مسماری کی وجوہات میں اسرائیلی تعمیراتی اجازت نامے کا نہ ملنا، بعض صورتوں میں سزا کے طور پر کارروائی اور فوجی آپریشنز شامل ہیں۔

## بقیہ جات 30

لے لیا۔ حکام کے مطابق اے بلاک محلہ کے گنجان آباد کے علاقے کی تین منزلہ عمارت جس کے بالائی حصے پر فریزر اور کمرے میں بستر و گدے وغیرہ موجود تھے میں فریزر میں شارٹ سرکٹ کے باعث آگ بھڑک اٹھی جس نے گدے و بستروں کو لپیٹ میں لے لیا۔ عمارت کی نچلی منزل پر کھلونا کا گودام بھی تھا جبکہ آگ عمارت کو لپیٹ میں لے لیا اور بوسیدہ عمارت کے کسی بھی وقت منہدم ہونے کا خدشہ پیدا ہوگیا اطلاع ملتے ہی پولیس عملہ اور ریسکیو 1122 سمیت امدادی ادارے موقع پر پہنچے فائر بریگیڈ و ریسکیو سمیت امدادی اداروں کو گنجان آباد علاقہ و تنگ گلیوں کے باعث امدادی کارروائیوں میں مشکلات کا سامنا کرنا پڑا تاہم ریسکیو 1122 8 گاڑیوں و عملے کی مسلسل محنت سے آگ کو مزید پھیلنے سے روک کر قابو پالیا گیا۔ ایس ایچ او ٹی راجہ طاہر نے کہا کہ آگ پر قابو پانے کے بعد کولنگ کا عمل بھی مکمل کر لیا گیا آگ عمارت کے بالائی منزل میں رکھی فریزر میں شارٹ سرکٹ کے باعث لگی آگ سے کسی قسم کا جانی نقصان نہیں ہوا۔

## بقیہ جات 31

نے کہا کہ انضباطی کمیٹی اپنے فیصلے کسی کا چہرہ یا عہدہ دیکھ کر نہیں بلکہ میرٹ اور اصولوں کی بنیاد پر کرے گی۔ کمیٹی تمام معاملات میں غیر جانبداری کو یقینی بنائے گی اور کسی قسم کی جانبداری یا دباؤ کو خاطر میں نہیں لایا جائے گا۔ شہزاد سعید چیمہ نے مزید کہا کہ کمیٹی کی کارروائی کو مکمل طور پر خفیہ رکھا جائے گا تاکہ تمام معاملات کو شفاف، غیر جانبدارانہ اور اصولی انداز میں آگے بڑھایا جا سکے۔ اجلاس میں کمیٹی کے آئندہ لائحہ عمل اور ذمہ داریوں کے حوالے سے بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔

## بقیہ جات 32

کارروائی کے دوران دہاڑی کی ایک خاتون کو واٹس ایپ پر دھمکیاں دینے والا تیسرا ملزم فیصل آباد ٹول پلازہ کے قریب سے گرفتار کر لیا گیا۔ این سی سی آئی اے کے مطابق تینوں ملزمان کے قبضے سے ہراسانی کے لیے استعمال ہونے والے موبائل فونز اور متاثرہ خواتین کا نجی ڈیٹا برآمد کر لیا گیا ہے۔ ایجنسی نے تینوں ملزمان کے موبائل فونز تحویل میں لے کر مزید تفتیش شروع کر دی ہے۔

## بقیہ جات 33

اور ماہ جبیں، آبرو فاؤنڈیشن کی عیشہ شکیل، ایڈ پرو کنسلٹنٹس کی انجنئی ظہور، پیچیز میں فیم کیئر ایکسپریس کی سربراہ مارکیٹنگ ثنا فاطمہ اور ممبر کلائمیٹ ایکشن نیٹ ورک و ڈسٹرکٹ ممبر لاہور ہیومن رائٹس گورنمنٹ پنجاب مبارک آفتاب گل نے کہا ہے کہ موسمیاتی تبدیلیوں کے اثرات سے موثر انداز میں نمٹنے کے لیے اجتماعی ذمہ داری، جامع قیادت اور روزمرہ زندگی میں ماحول دوست طرز عمل اپنانا ناگزیر ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے فلاحی تنظیم برگد کے زیر اہتمام یونیورسٹی آف ایجوکیشن لاہور، لوئر مال کیمپس کے اشتراک سے منعقدہ دوسری "انکلوسیو کلائمیٹ ایکشن نیٹ ورک کانفرنس": "کلائمیٹ گالا 2026" سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ مقررین نے برگد کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے ماحولیاتی ذمہ داری، متعلقہ پالیسیوں سے آگاہی اور ماحول کے تحفظ کے لیے عملی اقدامات کی اہمیت پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ مختلف مذاہب اور کمیونٹیز کے درمیان تعاون کو مضبوط بنانا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ قدرتی ماحول کا تحفظ تمام مذاہب اور معاشرتی طبقات کی مشترکہ ذمہ داری ہے اور مذہبی و اخلاقی تعلیمات بھی اس حوالے سے رہنمائی فراہم کرتی ہیں۔ برگد کے فیتھ ان ایکشن پراجیکٹ کے تحت منعقدہ اس کانفرنس میں 236 شرکاء نے شرکت کی، جن میں طلبہ، مذہبی رہنما، پالیسی ساز، ماہرین تعلیم، ماحولیاتی کارکن اور کمیونٹی نمائندگان شامل تھے۔ کانفرنس کا بنیادی مقصد جامع اور مذہبی اقدار پر مبنی موسمیاتی اقدامات کو فروغ دینا تھا۔ مقررین نے اس عزم کا اظہار کیا کہ مختلف مذاہب، سماجی طبقات اور نوجوانوں کے درمیان تعاون کو فروغ دے کر مشترکہ اقدار کو بامعنی ماحولیاتی اقدامات میں تبدیل کیا جائے گا۔

## بقیہ جات 34

توڑ پھوڑ کا واقعہ سامنے آیا ہے، جہاں مسجد کے امام کو ہراساں کرنے کے ساتھ مسجد کو بم سے اڑانے اور نمازیوں کو گولی مارنے کی دھمکیاں بھی دی گئیں۔ بھارتی خبر رساں ادارے سیاست ڈیلی میں شائع مضمون کے مطابق بھارتی ریاست مدھیہ پردیش میں بھی انتہا پسند بجرنگ دل کارکنوں نے مسلمان تاجروں کو وحشیانہ تشدد کا نشانہ بنایا گیا اور مذہبی تعصب کے باعث شدید زخمی مسلمان تاجروں کو اسپتال میں بستر کے بجائے فرش پر لٹایا گیا۔ بین الاقوامی انسانی حقوق کے ماہرین کے مطابق مودی کی سرپرستی میں ہندو انتہا پسندوں کی دیدہ دلیری کے باعث بھارت میں اقلیتیں مسلسل خوف اور عدم تحفظ کا شکار ہیں۔

## بقیہ جات 35

میں نجم مزاری نے تجویز دی کہ دوست ممالک کے ساتھ تجارتی تعاون کے امکانات کا جائزہ لیا جائے اور آرگینک مصنوعات کی تجارت میں حائل رکاوٹیں دور کرنے کے لیے اقدامات کیے جائیں۔ آرگینک کاشتکاروں کی تربیت، جدید زرعی تحقیق، بین الاقوامی معیار کے مطابق سرٹیفکیشن، ٹیسٹنگ لیبارٹریوں کے قیام اور مصنوعات کی قابل اعتماد ٹریس ایبلٹی پر خصوصی توجہ دینے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے مزید تجویز دی کہ ایس آئی ایف سی نجی شعبے اور سرمایہ کاروں کے تعاون سے آرگینک مصنوعات کی پراسیسنگ، پیکنگ، کولڈ اسٹوریج اور برآمدی مراکز کے قیام کی حوصلہ افزائی کرے۔ مربوط پالیسی، موثر سرکاری سرپرستی اور علاقائی تجارتی روابط کے ذریعے پاکستان آرگینک خوراک، جڑی بوٹیوں، مصالحہ جات، شہد اور خشک میوہ جات کی برآمدات بڑھانے کی صلاحیت سے فائدہ اٹھا سکتا ہے۔

## بقیہ جات 36

موقع پر پہنچ کر مصروف تفتیش ہے۔

## بقیہ جات 37

بچی زخمی ہوگئے۔ دوسری جانب تحصیل جنڈ کے محلہ گرلز کالج اور ڈگی ناڑی پھاٹک مری روڈ پر دو مختلف مقامات پر مخالف گروپوں کے درمیان لڑائی جھگڑوں میں 7 افراد زخمی ہوگئے۔ اطلاع ملنے پر ریسکیو 1122 اٹک کی ٹیموں نے فوری طور پر جائے وقوعہ پر پہنچ کر تمام زخمیوں کو ابتدائی طبی امداد فراہم کی اور بعد ازاں ڈی ایچ کیو ہسپتال اٹک اور ٹی ایچ کیو ہسپتال جنڈ منتقل کر دیا۔

## بقیہ جات 38

جیبوں پر ڈاکہ ڈالنے کا عمل شروع کر رکھا ہے۔ مذکورہ اشیاء کی قیمتوں میں کئی گنا اضافہ ہو جانے کی وجہ سے موجودہ حالات میں متوسط اور غریب طبقہ کے افراد کے لئے خود کو سردی سے محفوظ رکھنا کسی چیلنج سے کم نہیں رہا۔ اس حوالے سے شہریوں کا کہنا ہے کہ موسم سرما کے کپڑوں اور جوتوں کی قیمتوں کا درست انداز میں تعین نہ ہونے کی وجہ سے ہماری پریشانیوں میں روز بروز اضافہ ہو رہا ہے، مڈل کلاس اور غریب طبقہ تو پہلے ہی مہنگائی کی چکی میں پس رہا ہے۔ رہی سہی کسر خود ساختہ مہنگائی نے نکال دی ہے۔ شہریوں نے وزیراعظم پاکستان اور وزیراعلیٰ سے اشیاء خورد و نوش کے ساتھ ساتھ ضروریات زندگی سے تعلق رکھنے والی تمام اشیاء کی قیمتوں کو کنٹرول کرنے کے لئے الگ الگ سطح پر نرخ مقرر کروانے کا مطالبہ کیا ہے تاکہ شہری حکومت کے مقرر کردہ نرخوں کے مطابق ضروریات زندگی کی اشیاء خرید کر گزر بسر کر سکیں۔

## بقیہ جات 39

ہے، بدقسمتی سے ملک میں آج ہر طرف بدامنی، بیروزگاری، بدحالی، لاقانونیت، افراتفری کا دور دورہ ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ وزراء نے مذہبی رہنما کے خلاف نازیبا زبان استعمال کر کے اپنی سیاسی تربیت کا عملی مظاہرہ کیا۔

## بقیہ جات 40

خیال کیا ہے۔ جماعت اسلامی اور حکومتی کمیٹی کی جانب سے مذاکرات کے نکات کو حتمی شکل دینے کے لئے اپنی اپنی سطح پر مشاورت کا عمل جاری ہے۔

## بقیہ جات 41

کاروباری طبقے کے لیے سازگار ماحول کی فراہمی اور روزگار کے نئے مواقع پیدا کرنے کے لیے کوشاں ہے۔ ملک کی ترقی کے لیے قومی اداروں کے درمیان ہم آہنگی، پالیسیوں کا تسلسل اور قومی مفادات کو ترجیح دینا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ ملک افضل کھوکھر نے کہا کہ مہنگائی کے اثرات کم کرنے اور عام آدمی کی مشکلات میں کمی لانے کے لیے عوامی فلاح و بہبود کے منصوبوں کو اہمیت دی جا رہی ہے۔ تعلیم، صحت، زراعت، صنعت اور انفراسٹرکچر کے شعبوں میں ترقی ملک کی مجموعی خوشحالی کے لیے ناگزیر ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ملک کو درپیش چیلنجز سے نمٹنے کے لیے سیاسی استحکام اور قومی یکجہتی بنیادی اہمیت رکھتے ہیں۔ مسلم لیگ (ن) نے ہمیشہ ملکی ترقی، عوامی خدمت اور خوشحالی کو اپنی سیاست کا محور بنایا ہے اور ملک کو ترقی یافتہ اور مستحکم بنانے کے لیے اپنی کوششیں جاری رکھے گی۔

## بقیہ جات 42

۔سوئی گیس حکام کے مطابق کنکشن پر پابندی وزارت پٹرولیم نے عائد کی ہے، ایران امریکہ جنگ رکنے کے بعد ہی کنکشن بحالی کا امکان ہے۔

## بقیہ جات 43

کرتے ہوئے وفاقی وزیر نے کہا کہ مقبول فیصلوں کے بجائے ملکی زرمبادلہ کے تحفظ کو ترجیح دی، پٹرولیم قیمتوں میں اضافے کے اثرات کم کرنے کے لیے ٹارگٹڈ سبسڈی فراہم کی ہم نے اپنے وسائل ان لوگوں پر مرکوز کر کے انہیں محفوظ رکھا جو اس کے سب سے زیادہ مستحق تھے، اور آبنائے ہرمز کے بحران کا دیگر ممالک کے مقابلے میں کم نقصان کے ساتھ سامنا کیا، 12 سے 13 ملین مستحق افراد کو جنگ سے پہلے کی قیمتوں پر سبسڈائزڈ پٹرول فراہم کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا گزشتہ 6 ماہ کے دوران آبنائے ہرمز کی صورتحال نے سب کو متاثر کیا ہے۔ مختلف ممالک کو اپنی معیشتیں چلانے کیلئے مہنگے تیل، گیس، ایل پی جی اور دیگر ایندھن کی خریداری کے لیے قیمتی زرمبادلہ کے حصول میں مشکلات کا سامنا کرنا پڑا، جبکہ عوام کو بھی اپنے خاندانوں کے حوالے سے مشکل فیصلے کرنا پڑے۔ انہوں نے کہا کہ آبنائے ہرمز کا بحران اپنی شدت اور وسعت کے اعتبار سے غیر معمولی رہا ہے اور اس کے مسلسل جاری رہنے سے مختلف ممالک کی استعداد اور آزمائش سے گزری ہے۔ علی پرویز ملک نے کہا کہ الحمدللہ پاکستان نے وہ معاشی استحکام برقرار رکھا ہے جس کے حصول کے لیے سب نے محنت کی۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں ایندھن کی قیمتوں کے تعین کے طریقہ کار میں شفافیت لائی گئی ہے اور تمام تفصیلات عوام کے سامنے رکھی جا رہی ہیں تاکہ عالمی منڈی میں قیمتوں میں بہتری آنے پر اس کا فائدہ خود بخود عوام کے گھروں تک پہنچ سکے۔

## بقیہ جات 44

اور سنجیدہ نام آگے آئیں اور تمام سیاسی قوتوں کو مذاکرات کی میز پر لانے کے لیے اپنا کردار ادا کریں۔ انہوں نے کہا کہ سیاسی درجہ حرارت میں کمی اور باہمی احترام کا فروغ وقت کی اہم ضرورت ہے۔ کاروباری سرگرمیوں، سرمایہ کاری اور عوامی مسائل کے حل کے لیے پرامن اور مستحکم سیاسی ماحول ناگزیر ہے۔ اشرف بھٹی نے زور دیا کہ قومی مفاہمت کے لیے عملی اقدامات کیے جائیں تاکہ ملک درپیش چیلنجز سے نمٹنے اور عوام کو ریلیف فراہم کرنے کی راہ ہموار ہو سکے۔

## بقیہ جات 45

ریٹ لسٹ کے مطابق اشیائے خورد و نوش فروخت نہیں کرتے اور نہ ہی معیاری اشیاء صارفین کو ریٹ لسٹ کے مطابق مہیا کی جاتی ہے۔ دکانداروں کا کہنا ہے کہ تھوک مارکیٹ سے اشیاء خورد و نوش مہنگے داموں خرید کر کم ریٹ پر فروخت نہیں کر سکتے۔ ریٹ لسٹ کے مطابق اشیاء خورد و نوش نہ ملنے پر آئے روز دکانداروں اور صارفین کے درمیان جھگڑے معمول بن گئے۔ صارفین کو گورنمنٹ کے ریٹ لسٹ کے مطابق اشیاء خورد و نوش مہیا کرنا انتظامیہ کی ذمہ داری ہے، عوام الناس نے کمشنر و دیگر متعلقہ افسران سے مطالبہ کیا ہے کہ ہمیں گورنمنٹ کی لسٹ کے مطابق اشیاء خورد و نوش مہیا کی جائیں اور مہنگائی کے مرتکب دکانداروں کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے تاکہ غریب عوام کو دو وقت کی روٹی آسانی سے میسر آ سکے۔

## بقیہ جات 46

سے جڑی ہے جن میں کہا گیا ہے کہ خواتین کو غیر قانونی طور پر بالمورل لایا گیا تھا۔ پرنس اینڈریو سے ان کے بھائی برطانوی بادشاہ چارلس پہلے ہی شاہی القابات واپس لے چکے ہیں۔ اس سال فروری میں انہیں عوامی عہدے کے غلط استعمال کے شبہے میں گرفتار بھی کیا گیا تھا اور بعد میں پوچھ گچھ کے بعد رہا کر دیا گیا۔ دوسری طرف امریکی استغاثہ کی جانب سے ماضی میں جاری کی گئی تصاویر میں جیفری ایپسٹین اور اس کی ساتھی گزلین میکسویل کو بالمورل محل میں وقت گزارتے ہوئے دیکھا جا سکتا ہے۔ شاہی محل (بکنگھم پیلس) نے اس معاملے پر تبصرہ کرنے سے انکار کر دیا جبکہ اینڈریو نے اپنے اوپر لگائے گئے تمام الزامات کو سختی سے مسترد کیا ہے۔ پولیس کا کہنا تھا کہ ان کی تمام تر توجہ متاثرہ خواتین کو انصاف فراہم کرنے پر ہے۔

## بقیہ جات 47

گٹھ جوڑ کا واضح ثبوت ہے۔ اس حوالے سے خفیہ رپورٹ کے مطابق بھارتی خفیہ ایجنسی را نے بلوچستان میں تخریب کاری اور دہشت گردی کے لیے 78 لاکھ ڈالر کی ادائیگی کی ہے۔ بھارتی ریٹائرڈ کرنل بھی فتنہ الہندوستان اور فتنہ الخوارج کے ذریعے پاکستان میں دہشت گرد حملوں میں افغان سرزمین سمیت بھارتی اور اسرائیلی کردار کا اعتراف کر چکا ہے۔ انٹیلیجنس رپورٹ میں پاکستان میں دہشت گردی کے لیے افغان گورنر ملا شیرین کی میزبانی میں بھارت افغان انٹیلیجنس حکام کے اجلاس کا انکشاف ہو چکا ہے۔ اجلاس میں دہشت گرد تنظیم فتنہ الہندوستان، القاعدہ اور خارجی گل بہادر گروپ کے نمائندے شامل تھے۔ امریکی واچ ڈاگ سیگار کی رپورٹ کے مطابق ہیں۔

## بقیہ جات 48

بڑے آلودہ شہروں میں کراچی تیسرے نمبر پر رہا جہاں پارٹیکولیٹ میٹرز کی تعداد 173 ریکارڈ کی گئی۔

## بقیہ جات 49

18 سالہ بیٹا علی حیدر اور 13 سالہ بیٹا نور شان شامل ہیں۔ واقعے میں زخمی ہونے والی خاتون اور بچوں کو طبی امداد کے لیے جنرل ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔ پولیس کے مطابق ملزم ارشد واقعے کے بعد فرار ہو گیا جسے جدید ٹیکنالوجی کی مدد سے گرفتار کر لیا گیا۔

## بقیہ جات 50

عمل کریں گے، ضم اضلاع میں پولیس کا انفراسٹرکچر تھا ہی نہیں، ضم اضلاع میں انفراسٹرکچر بنایا جائے گا۔ آئی جی خیبر پختونخوا نے کہا ہے کہ جہاں پولیس انفراسٹرکچر کمزور ہے اسے مضبوط کیا جائے گا، پولیس کی کمی پوری کی جائے گی اور انہیں خصوصی تربیت بھی دی جائے گی۔ ان کا مزید کہنا ہے کہ خیبر پختونخوا پولیس کے اہلکاروں کی تنخواہوں سے متعلق سمری تیار کی ہے، ہماری تجاویز پر محکمہ خزانہ اپنی رائے دے گا اور گورنر کو بھیجے گا۔

## بقیہ جات 51

مارکو روبیو نے کہا پاکستان کا موقف ہے کہ طالبان نے ان حملوں کو روکنے کے لیے اقدامات نہیں کیے۔ مارکو روبیو نے کہا پاکستان نے دہشتگردوں کیخلاف جوابی کارروائی کی ہے، امریکا نہیں چاہتا کہ پاکستان دہشتگردی کا نشانہ بنے۔

## بقیہ جات 52

سیکرٹری مقصود الرحمن بھٹی، حاجی مون، ذیشان غفوری، چوہدری لیاقت اور محمد عرفان شامل تھے۔ اس موقع پر طاہر ثقلین بٹ نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے سلمیٰ بٹ کو ان کی بہترین کارکردگی اور صلاحیتوں کی بنیاد پر اہم ذمہ داری سونپی ہے۔ سلمیٰ بٹ نے بطور مشیر جعلی اور غیر معیاری خوراک کے خلاف جو اقدامات کیے وہ قابل تحسین ہیں، ان کی انہی کاوشوں کے باعث انہیں کابینہ میں بطور صوبائی وزیر شامل کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ سلمیٰ بٹ نے اپنی سابقہ ذمہ داریوں کے دوران متحرک اور جرأتمندانہ کردار ادا کیا ہے اور امید ہے کہ وہ بطور صوبائی وزیر بھی عوامی مسائل کے حل اور صوبے کی ترقی کے لیے بھرپور محنت اور لگن سے کام کریں گی۔ اس موقع پر صوبائی وزیر سلمیٰ بٹ نے وفد کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ وہ اپنی پارٹی قیادت کی شکر گزار ہیں جس نے ان پر اعتماد کا اظہار کیا اور انہیں صوبائی کابینہ میں ذمہ داری سونپی۔ انہوں نے کہا کہ وہ اپنی نئی ذمہ داری کو عوامی خدمت کا ذریعہ سمجھتی ہیں اور قیادت کے اعتماد پر پورا اترنے کے لیے کوئی کسر اٹھا نہیں رکھیں گی۔ سلمیٰ بٹ نے اس عزم کا اظہار کیا کہ عوامی فلاح و بہبود، خوراک کے معیار میں بہتری اور متعلقہ شعبوں میں اصلاحات کے لیے اپنی کوششیں جاری رکھیں گی۔

## بقیہ جات 53

دی ہوگی۔ ٹیکس گوشوارے جمع کرانے کی آخری تاریخ تک ملک بھر میں 78 لاکھ سے زائد انکم ٹیکس گوشوارے جمع کرائے گئے جب کہ تاجر آسان ٹیکس اسکیم میں 1945 انکم ٹیکس گوشوارے جمع ہوئے۔ ذرائع ایف بی آر کے مطابق تاجر آسان ٹیکس اسکیم کے تحت 19 کروڑ روپے کا ٹیکس جمع ہوا۔ اکتوبر میں 1013 ارب روپے کا ٹیکس جمع ہوا جبکہ اکتوبر میں ٹیکس جمع کرنے کا ہدف ایک ہزار 132 ارب روپے ہے۔ ذرائع نے بتایا کہ اکتوبر میں 430 ارب روپے انکم ٹیکس اور 425 ارب روپے سیلز ٹیکس جمع ہوا۔ اس کے علاوہ 80 ارب روپے فیڈرل ایکسائز اور 118 ارب روپے کسٹم ڈیوٹی جمع ہوئی۔ جولائی تا اکتوبر کے دوران 4099 ارب روپے کا ٹیکس جمع ہوا، جو ہدف سے 86 ارب روپے کم ہے۔ اس مدت کے دوران ٹیکس جمع کرنے کا ہدف 4185 ارب روپے مقرر کیا گیا تھا۔

## بقیہ جات 54

بھارتی تسلط میں جانے سے روک دیا۔ جنگ آزادی گلگت بلتستان کے دوران لڑی جانے والی جنگیں عالمی عسکری معرکوں میں بہادری کی روشن داستانیں سمجھی جاتی ہیں، آزادی کے بعد بھی گلگت بلتستان کے عوام نے پاک بھارت جنگوں میں جوانمردی کے ساتھ ناقابل فراموش کارنامے انجام دیئے۔ دریں اثنا آئی ایس پی آر نے یوم آزادی گلگت بلتستان کی مناسبت سے خصوصی ملی نغمہ "شان پاکستان، گلگت بلتستان" ریلیز کر دیا۔ گلگت بلتستان کے نامور شاعر ذیشان مہدی کا خوبصورت کلام، گلوکار ہے جے علی شیا کی پراثر آواز میں پیش کیا گیا، ملی نغمہ گلگت بلتستان کے عوام کی پاکستان سے عقیدت، قومی تشخص اور گہری دلی وابستگی کا عکاس ہے جس میں گلگت بلتستان کی تاریخی جدوجہد اور پاکستان سے جڑے فخر و اعزاز کے جذبات اجاگر کیے گئے ہیں۔

## بقیہ جات 55

ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ سیالکوٹ جیسے صنعتی و زرعی اہمیت کے حامل ضلع میں مہنگائی کے اثرات عام شہریوں کے گھریلو بجٹ کیساتھ ساتھ دکانداروں، محنت کشوں، چھوٹے تاجروں اور روزگار کیلئے صنعتوں سے وابستہ افراد کو بھی متاثر کرتے ہیں اس لئے عوامی مسائل کے حل کیلئے حکومتی پالیسیوں میں مقامی ضروریات کو بھی ترجیح دی جانی چاہیے اشیائے خوردونوش، بجلی، گیس، ٹرانسپورٹ ودیگر بنیادی ضروریات کے اخراجات میں اضافے سے کم آمدنی والے خاندانوں کیلئے روزمرہ ضروریات پوری کرنا دشوار ہو جاتا ہے جبکہ کاروباری لاگت بڑھنے سے چھوٹے کاروباروں اور روزگار کے مواقع پر بھی دباؤ پڑتا ہے وفاقی حکومت کی ذمہ داری ہے کہ وہ عوام کو حقیقی معاشی ریلیف فراہم کرنے، مہنگائی پر قابو پانے، روزگار کے نئے مواقع پیدا کرنے اور چھوٹے کاروباری طبقے کو سہولتیں دینے کیلئے قابل عمل اقدامات کرے۔ جمہوری نظام میں عوامی رائے کا احترام اور سیاسی اختلافات کا آئینی و جمہوری طریقے سے حل ضروری ہے کیونکہ سیاسی بے یقینی اور عوامی اعتماد میں کمی قومی ترقی کے لئے عمل کو متاثر کر سکتی ہے۔

## بقیہ جات 56

کی گئی ہے، جس کا اطلاق یکم نومبر سے ہوگیا ہے۔ اوگرا کے نوٹیفکیشن کے مطابق ایل پی جی کا گھریلو سلنڈر 173 روپے 86 پیسے مہنگا ہوگیا، 8,11 کلوگرام کے گھریلو سلنڈر کی نئی قیمت 3470 روپے 9 پیسے مقرر کردی گئی۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ مارکیٹ میں ایل پی جی اوگرا کی مقرر کردہ قیمت سے دگنی میں فروخت ہو رہی ہے۔

## بقیہ جات 57

سے آتش بازی کے سامان کے استعمال پر پولیس نے واٹر کینن چلائی، جبکہ ہیمبرگ میں رکاوٹیں ہٹانے اور امدادی کارکنوں پر حملوں کے بعد رائٹ پولیس کو طلب کرنا پڑا۔ فرینکفرٹ میں پولیس کے مطابق مظاہرین نے امدادی اہلکاروں پر پیٹرول بم پھینکے اور دکانوں کے شیشے توڑ دیے، جس کے باعث زیل شاپنگ اسٹریٹ کا ایک حصہ بند کرنا پڑا۔ پولیس نے ایک مشتبہ شخص کو گرفتار کر کے دو ہتھیار بھی قبضے میں لے لیے۔ احتجاجی تحریک کے منتظمین کے مطابق ملک بھر میں ہونے والے مظاہروں میں تقریباً ایک لاکھ 20 ہزار افراد شریک ہوئے۔ تحریک کا کہنا تھا کہ نوجوان اپنے مستقبل سے متعلق فیصلوں میں نظرانداز کیے جانے کے خلاف آواز اٹھا رہے ہیں اور ان کا مقصد پرامن احتجاج کے ذریعے حکومتی پالیسیوں پر دباؤ ڈالنا ہے۔

## بقیہ جات 58

تیسرے نمبر پر موجود ہے جہاں پارٹیکولیٹ میٹرز کی تعداد 173 ریکارڈ کی گئی۔ طبی ماہرین نے بچوں، بزرگوں اور سانس یا دل کے مریضوں کو احتیاط کا مشورہ دیا ہے۔

## بقیہ جات 59

سے مقررہ وقت سے قبل شام تقریباً چار بجے ہی انتظامات میں بے ضابطگیوں کی اطلاعات موصول ہوئیں۔ ترجمان کے مطابق موصولہ اطلاعات اور رپورٹ کا جائزہ لینے کے بعد ڈپٹی کمشنر اویس مشتاق نے فوری کارروائی کرتے ہوئے این او سی منسوخ کر دیا۔ ضلعی انتظامیہ نے کسی بھی ممکنہ خلاف ورزی کا پیشگی نوٹس لیتے ہوئے ایونٹ شروع ہونے سے قبل ہی اجازت نامہ منسوخ کیا۔ یاد رہے کہ گزشتہ رات سیالکوٹ میں معروف ٹک ٹاکر کی مہندی کی تقریب میں بھگدڑ مچنے سے ایک شخص جاں بحق اور 13 افراد شدید زخمی ہوگئے۔ ریسکیو ذرائع کے مطابق ٹک ٹاکر کی مہندی کی تقریب ڈسکہ روڈ پر واقع اسٹیڈیم میں منعقد کی گئی تھی۔ تقریب میں دعوت عام دی گئی تھی تقریب میں انعام کے لیے قرعہ اندازی کا اعلان بھی کیا گیا تھا، جس کی وجہ سے اسٹیڈیم کے باہر شہریوں کی بڑی تعداد جمع ہوگئی۔

## بقیہ جات 60

باوجود قرضوں کا بوجھ کم نہیں ہو رہا، بلند ٹیکس ریٹس سے کاروباری سرگرمیاں متاثر اور معیشت سکڑ رہی ہے۔ اگر بروقت اقدامات نہ کیے گئے تو آنے والی نسلیں بھی قرضوں کی دلدل میں پھنسی رہیں گی۔ انہوں نے حکومت پر زور دیا کہ غیر ضروری اخراجات، ٹیکسوں کی شرح میں کمی اور ٹیکس نیٹ وسیع کیا جائے۔ ملکی و غیر ملکی سرمایہ کاروں کا اعتماد بحال کرنے اور سرمایہ کاری کے فروغ کے لیے موثر ٹیکس ایمنسٹی اسکیم متعارف کرائی جائے تاکہ معیشت کو مستحکم اور قرضوں پر انحصار کم کیا جا سکے۔

## بقیہ جات 61

کاشت کے ساتھ تصدیق شدہ اور معیاری بیج کا استعمال یقینی بنائیں تاکہ فی ایکڑ پیداوار میں اضافہ کیا جا سکے۔ ڈاکٹر فرحان فاروق نے کہا کہ معیاری بیج کا انتخاب اچھی فصل کے حصول میں بنیادی اہمیت رکھتا ہے اس لیے کاشتکار بیج کی خریداری کے وقت اس کے تصدیق شدہ ہونے کا خاص خیال رکھیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ پنجاب سیڈ کارپوریشن کاشتکاروں کو معیاری اور تصدیق شدہ گندم کے بیج کی زیادہ سے زیادہ فراہمی کے لیے تمام ممکنہ اقدامات کر رہی ہے۔ اس سلسلے میں ادارے کے تمام افسران اور عملے کو ضروری احکامات جاری کر دیئے گئے ہیں جبکہ فیلڈ عملہ بھی کاشتکاروں کی رہنمائی اور بیج کی فراہمی کے لیے پوری طرح متحرک ہے۔ انہوں نے کہا کہ کاشتکاروں کے لئے ہمارے دروازے ہروقت کھلے ہیں اور انہیں رہنمائی کے حصول میں کسی طرح کی کوئی رکاوٹ درپیش نہیں ہوگی۔

## بقیہ جات 62

لیسی" قائم کرنے کا فیصلہ کیا گیا، ٹیکنیکل ٹریننگ، امتحانات کی ڈیجیٹلائزیشن، آن لائن رجسٹریشن پورٹل، ڈیجیٹل امتحانی پرچے اور کیو آر کوڈ بھی ہوگا۔ ڈیجیٹل ایگزامینیشن سسٹم سے دو لاکھ سے چھ لاکھ امیدوار امتحانات دے سکیں گے، ایگریکلچر، ہیوی مشینری آپریٹر سرٹیفکیشن پروگرام شروع کرانے کی منظوری دی گئی، الیکٹریکل، ویکل اینڈ ڈیجیٹل مارکیٹنگ کیلئے سنٹر آف ایکسی لینس قائم کیے جائیں گے۔ پنجاب میں پہلی مرتبہ سی ایم لینگویج لرننگ پروگرام کے تحت 13 زبانوں کی کورسز کرائے جائیں گے، پنجاب کی پہلی کلینک اینڈ کلینیکا اکیڈمی قائم کرنے کی منظوری دی گئی، پی سی سی اے کے تحت کلینک سپورٹ، ہیلتھ کیئر، ہاسپٹلٹی، ڈومسٹک ہیلپ اور دیگر شعبوں میں ٹریننگ دی جائے گی۔ پنجاب کے ٹیکنیکل کالج سے تربیت یافتہ الیکٹریشن کا اعزاز، 48 ورلڈ سکل شنگھائی مقابلوں میں چوتھی پوزیشن حاصل کر لی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کو اسکل ڈویلپمنٹ سے متعلق تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ بریفنگ میں کہا گیا کہ پنجاب میں چار لاکھ نوجوانوں کی سکل ٹریننگ مکمل، 45 فیصد سے زائد نوجوان برسر روزگار، بیشتر نے تعلیم جاری رکھنے کو ترجیح دی۔ اسکل ڈویلپمنٹ اینڈ انٹر پرینورشپ ڈیپارٹمنٹ کے تحت ٹریننگ مکمل کرنے والے دو لاکھ نوجوانوں کو باعزت روزگار مل گیا، سکل ڈویلپمنٹ اینڈ انٹر پرینورشپ ڈیپارٹمنٹ سے ٹریننگ کر کے 38 ہزار سے زائد نوجوانوں نے بیرون ملک ملازمت حاصل کر لی۔ بریفنگ کے مطابق مینوفیکچرنگ سیکٹر میں 113333 طلبہ کی ٹریننگ مکمل، 50 ہزار سے زائد فوری برسر روزگار، آئی ٹی سیکٹر میں 111607 نوجوانوں کی ٹریننگ، 49588 باعزت روزگار کمانے لگے، ایگریکلچر اینڈ لائیو اسٹاک کے تحت 23269 کی ٹریننگ مکمل، 10 ہزار 33 کو فوری روزگار مل گیا۔ کنسٹرکشن سیکٹر میں 27069 طلبہ کی ٹریننگ، 12026 برسر روزگار، انرجی سیکٹر میں 35227 نوجوانوں کی ٹریننگ، 15651 نے روزگار حاصل کر لیا، 15319 طلبہ نے ہاسپٹلٹی اینڈ ٹورازم ٹریننگ کر لی، 6807 فوری برسر روزگار ہیں، ٹریننگ مکمل کرنے کے بعد مجموعی طور پر 90029 مقامی انڈسٹری میں ملازمت حاصل کرنے میں کامیاب رہے۔ 53509 نے سیلف ایمپلائمنٹ، 38557 بیرون ملک ملازمت حاصل کرنے میں کامیاب، 39325 نے تعلیم جاری رکھنے کو ترجیح دی، دیہات میں ایمپاورنگ وویمن بذریعہ انفارمیشن ٹیکنالوجی پروگرام کے تحت 3000 خواتین گھر بیٹھے روزگار کمانے لگیں۔ 15065 اساتذہ اور سٹاف کو انڈسٹری، مینجمنٹ، تدریس اور سکلز اپ گریڈیشن ٹریننگ دی گئی، 220 کمپیوٹر لیب، 100 انڈسٹریل سیکنگ لیب، 70 سولر لیب، 27 ہیلتھ کیئر لیب، دی آر ویلڈنگ لیب اور الیکٹرک وہیکل لیب اپ گریڈ، "ماہر" پروگرام کے تحت لاہور، فیصل آباد، سیالکوٹ، گوجرانوالہ اور ملتان کے صنعتی کلسٹرز میں 25 ہزار نوجوانوں کی تربیت کا ہدف "گلوبل روزگار" پروگرام کے تحت پی پی او سیکٹر میں 25 ہزار نوجوانوں کی تربیت کا ہدف مقرر کیا گیا۔ "ایڈوانس لیک" پروگرام کے تحت 7500 نوجوانوں کو جدید ٹیکنالوجی میں انٹرنیشنل سرٹیفکیشن دی جائے گی، 6.2 ارب روپے کے "ہریالی" پروگرام کے تحت زراعت اور گرین انوائرمنٹ میں 20 ہزار نوجوانوں کی تربیت دی جائے گی، "پہچان اینڈ امید" پروگرام کے تحت 2474 خواجہ سراؤں کی تربیت مکمل، "امید" کے تحت 10 ہزار خصوصی افراد کو تربیت دی جائے گی، نیوٹا کے 69 اداروں میں یورپی کوالیفیکیشن فریم ورک کے مطابق سالانہ 45700 نوجوانوں کو تربیت دی جائے گی۔ لیسی" قائم کرنے کا فیصلہ کیا گیا، ٹیکنیکل ٹریننگ، امتحانات کی ڈیجیٹلائزیشن، آن لائن رجسٹریشن پورٹل، ڈیجیٹل امتحانی پرچے اور کیو آر کوڈ بھی ہوگا۔ ڈیجیٹل ایگزامینیشن سسٹم سے دو لاکھ سے چھ لاکھ امیدوار امتحانات دے سکیں گے، ایگریکلچر، ہیوی مشینری آپریٹر سرٹیفکیشن پروگرام شروع کرانے کی منظوری دی گئی، الیکٹریکل، ویکل اینڈ ڈیجیٹل مارکیٹنگ کیلئے سنٹر آف ایکسی لینس قائم کیے جائیں گے۔ پنجاب میں پہلی مرتبہ سی ایم لینگویج لرننگ پروگرام کے تحت 13 زبانوں کی کورسز کرائے جائیں گے، پنجاب کی پہلی کلینک اینڈ کلینیکا اکیڈمی قائم کرنے کی منظوری دی گئی، پی سی سی اے کے تحت کلینک سپورٹ، ہیلتھ کیئر، ہاسپٹلٹی، ڈومسٹک ہیلپ اور دیگر شعبوں میں ٹریننگ دی جائے گی۔ پنجاب کے ٹیکنیکل کالج سے تربیت یافتہ الیکٹریشن کا اعزاز، 48 ورلڈ سکل شنگھائی مقابلوں میں چوتھی پوزیشن حاصل کر لی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کو اسکل ڈویلپمنٹ سے متعلق تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ بریفنگ میں کہا گیا کہ پنجاب میں چار لاکھ نوجوانوں کی سکل ٹریننگ مکمل، 45 فیصد سے زائد نوجوان برسر روزگار، بیشتر نے تعلیم جاری رکھنے کو ترجیح دی۔ اسکل ڈویلپمنٹ اینڈ انٹر پرینورشپ ڈیپارٹمنٹ کے تحت ٹریننگ مکمل کرنے والے دو لاکھ نوجوانوں کو باعزت روزگار مل گیا، سکل ڈویلپمنٹ اینڈ انٹر پرینورشپ ڈیپارٹمنٹ سے ٹریننگ کر کے 38 ہزار سے زائد نوجوانوں نے بیرون ملک ملازمت حاصل کر لی۔

## بقیہ جات 63

## بقیہ جات 64

# سوئی گیس کمپنی نے گھریلو کنکشن پر پابندی غیر معینہ مدت تک بڑھا دی

رواں ماہ سے کمرشل تندور ہوٹل سمیت دیگر کنکشن بھی بند کر دیئے گئے جبکہ ہزاروں صارفین ارجنٹ فیس جمع کرانے کے باوجود کنکشن سے محروم ہیں

**ذرائع نے بتایا کہ آر ایل این جی سپلائی ت تعطلی کا شکار ہے، اس وقت موجودہ سسٹم میں بھی گیس کا شارٹ فال بڑھ گیا ہے**

لاہور (سٹاف رپورٹر) سوئی گیس کمپنی نے گھریلو کنکشن پر غیر معینہ مدت تک پابندی بڑھا دی۔ ذرائع کے مطابق رواں ماہ سے کمرشل تندور ہوٹل سمیت دیگر کنکشن بھی بند کر دیئے گئے ہیں جبکہ ہزاروں صارفین ارجنٹ فیس جمع کرانے کے باوجود کنکشن سے محروم ہیں۔ ذرائع نے بتایا کہ آر ایل این جی سپلائی ت تعطلی کا شکار ہے، اس وقت موجودہ سسٹم میں بھی گیس کا شارٹ فال بڑھ گیا ہے، سردی شروع ہوتے ہی گیس کی طلب کئی گنا بڑھ چکی ہے اور گھریلو صارفین کو بھی گیس کی فراہمی کا مسئلہ بن رہا ہے جس کی وجہ سے سوئی گیس کمپنی نے گھریلو کنکشن پر پابندی غیر معینہ مدت تک بڑھا دی ہے (باقی صفحہ جقیہ پر نمبر 42)



لاہور: امیر مرکزی جمعیت اہلحدیث پاکستان سینیٹر ڈاکٹر حافظ عبدالکریم ورکز کنونشن سے خطاب کر رہے ہیں۔



سابق وفاقی وزیر ہمایوں اختر خان حلقہ این اے 97 کے دورہ کے موقع پر اہل علاقہ سے ملاقات کر رہے ہیں۔

## پیپلز پارٹی وسطی پنجاب کی انضباطی کمیٹی کا اجلاس، رانا اشعر نثار متفقہ طور پر کمیٹی کے سیکرٹری منتخب

**انضباطی کمیٹی فیصلے چہرہ دیا عہدہ دیکھ کر نہیں بلکہ میرٹ اور اصولوں کی بنیاد پر کریگی، کنوینر شہزاد سعید چیمہ**

لاہور (سٹاف رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی وسطی پنجاب کی انضباطی کمیٹی کا پہلا اجلاس کنوینر شہزاد سعید چیمہ کی زیر صدارت پیپلز سیکرٹریٹ ماڈل ٹاؤن میں منعقد ہوا، جس میں رانا اشعر نثار کو متفقہ طور پر کمیٹی کا سیکرٹری منتخب کر لیا گیا۔ اجلاس میں فاروق یوسف کھرل، عابد صدیقی، منیبہ انیس، عمر شریف بخاری اور ڈاکٹر رضوان بھائیو نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران کمیٹی کے ارکان کو انضباطی کمیٹی کے قواعد وضوابط اور فی او آرز کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ اس موقع پر کنوینر شہزاد سعید چیمہ (باقی صفحہ جقیہ پر نمبر 31)



نارووال: ضلعی انتظامیہ کے ملازم روڈ پر لگی سٹریٹ لائٹس کو ٹھیک کر رہے ہیں۔

## بھارت میں اقلیتوں اور ان کی عبادت گاہوں پر حملوں کے واقعات میں اضافہ

نئی دہلی (سٹاف رپورٹر) بھارت میں اقلیتوں اور ان کی مذہبی عبادت گاہوں پر حملوں وتشدد کے واقعات میں اضافہ ہو گیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق انتہا پسند مودی کے اقتدار میں بھارتی مسلم اقلیت کے خلاف امتیازی اور پرتشدد تجوہی کارروائیوں میں شدت برقرار ہے۔ بھارتی جریدے کلیرین انڈیا کے مطابق بھارتی ریاست بہار میں ہندو بنیاد انتہا پسند کا مسجد پر حملہ، نمازیوں پر تشدد اور املاک میں (باقی صفحہ جقیہ پر نمبر 34)

## ملک کی معاشی ترقی، استحکام کے لیے سیاسی وعسکری قیادت ایک پیج پر ہے، ملک افضل کھوکھر

**ملکی معیشت کا استحکام حکومت کی اولین ترجیح، عوام کو ریلیف دینے کے لیے تمام وسائل بروئے کار لا رہے ہیں**

رائے ونڈ (این این آئی) مسلم لیگ (ن) کے مرکزی رہنما ورکن قومی اسمبلی ملک افضل کھوکھر نے کہا ہے کہ ملکی معیشت کو مستحکم کرنے کے لیے سیاسی اور عسکری قیادت نے مل کر شبانہ روز محنت کی ہے، قومی مفادات کے تحفظ اور ملک کو معاشی عدم استحکام سے بچانے کے لیے تمام ممکنہ اقدامات کے جا رہے ہیں۔ انہوں نے اپنے ایک بیان میں کہا کہ غریب اور متوسط طبقے کو ریلیف فراہم کرنا حکومت کی اہم ترجیحات میں شامل ہے، عوام کو درپیش معاشی مشکلات میں کمی لانے اور ان کے معیار زندگی کو بہتر بنانے کے لیے عملی اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ معاشی استحکام کے لیے سرمایہ کاری کا فروغ، صنعتی وکاروباری سرگرمیوں میں اضافہ اور مگی وسائل کا موثر استعمال ضروری ہے۔ حکومت معیشت کی بہتری، (باقی صفحہ جقیہ پر نمبر 41)

## ایس آئی ایف سی آرگینک زراعت میں سرمایہ کاری لانے، برآمدات بڑھانے کیلئے اقدامات کرے، جمخم مزاری

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) آرگینک زراعت اور مصنوعات پر ریسرچ کرنے والے ادارے کے سربراہ جمخم مزاری نے خصوصی سرمایہ کاری سہولت کونسل پر زور دیا ہے کہ پاکستان میں آرگینک زراعت کے فروغ، مگی سرمایہ کاری کے حصول اور برآمد میں اضافے کے لیے جامع حکمت عملی تیار کی جائے، آرگینک شعبے میں سرمایہ کاری سے زرعی معیشت کو مستحکم کرنے اور پاکستانی مصنوعات کو عالمی منڈیوں میں متعارف کرانے کے نئے مواقع پیدا ہو سکتے ہیں۔ اپنے بیان (باقی صفحہ جقیہ پر نمبر 35)

## سرگودھا، تیز رفتار مسافر بس ٹائر پھٹ جانے سے حادثے کا شکار، ایک مسافر جاں بحق

سرگودھا (سٹاف رپورٹر) تیز رفتار مسافر بس ٹائر پھٹ جانے سے بے قابو ہو کر حادثہ کا شکار ہونے سے ایک مسافر جاں بحق اور 7 افراد شدید زخمی ہو گئے جن کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔ ذرائع کے مطابق سرگودھا سے میانوالی روڈ پر گاں شاہ دیہ کے قریب لاہور سے میانوالی جانے والی مسافر بس ٹائر پھٹ جانے کے باعث بے قابو ہو کر سڑک کنارے دکانوں میں جا گھسنے میں ایک مسافر جاں بحق اور 7 افراد شدید زخمی ہو گئے۔ جن کو ریسکیو 1122 نے ہسپتال منتقل کر دیا اور میانوالی پولیس و پٹرولنگ پولیس (باقی صفحہ جقیہ پر نمبر 36)

## لاہور سمیت مختلف شہروں میں خواتین کو بلیک میل اور ہراساں کرنے والے 3 ملزمان گرفتار

**ملزمان کے قبضے سے ہراسانی کے لیے استعمال ہونے والے موبائل فونز اور متاثرہ خواتین کا نجی ڈیٹا برآمد کر لیا گیا**

لاہور (سٹاف رپورٹر) سیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی نے خواتین کو بلیک میل اور ہراساں کرنے کے الزام میں 3 ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ این سی سی آئی اے نے لاہور کے علاقے والٹن ہاؤسنگ ٹاؤن سے ملزم والا کے رہائشی ایک ملزم کو گرفتار کیا۔ دوسرا ملزم ملتان کی خاتون کی تصاویر اور ویڈیوز سوشل میڈیا پر وائرل کرنے کے ان کی ساکھ متاثر کرنے کے الزام میں لاہور سے گرفتار کیا گیا۔ (باقی صفحہ جقیہ پر نمبر 32)

## موسمیاتی تبدیلی سے نمٹنے کیلئے اجتماعی ذمہ داری ناگزیر ہیں، برگد کانفرنس

**برگد کانفرنس میں 236 شرکاء کے خطابات میں مشترکہ ماحولیاتی ذمہ داری نبھانے کا عزم**

لاہور (سٹاف رپورٹر) صوبائی وزیر فوڈ سیکیورٹی اینڈ کنزمر پروٹیکشن شعلی بٹ، وائس چانسلر یونیورسٹی آف ایجوکیشن لاہور پروفیسر ڈاکٹر عاقف انور چوہدری، ڈپٹی سیکرٹری ای پی ایڈ ہی سی ڈی عنبرین لطیف، ڈائریکٹر انسانی حقوق محمد یوسف، علامہ اصغر چشتی، ریورینڈ سیموئل پی میسی، پروفیسر اشوک کمار، ڈاکٹر سعدیہ سالار، شازین سعید، طاہرہ جمیل، عبدالوہاب، رمین مشہود، ابوزر مدھو، اسماء عارف، علیزہ عزیز، آئی کین کی سربراہ رابعہ ڈار، وزیر اعظم یوتھ پروگرام کے نمائندگان رضوان انور (باقی صفحہ جقیہ پر نمبر 33)



لاہور: کارپٹ ٹریننگ انسٹی ٹیوٹ لاہور میں ہنرمند کھڈی پر قالین تیار کر رہے ہیں۔

## مہنگائی کی وجہ سے عوام کا جینا دوبھر ہو کر رہ گیا، غریب دو وقت کی روٹی کھانے سے بھی محروم

**اشیاء خورد ونوش کی قیمتوں میں دن بدن اضافے کے سبب غریب عوام بے کسی کی زندگی گزارنے پر مجبور**

کھوآنہ (سٹاف رپورٹر) فیصل آباد میں مہنگائی عروج پر پہنچ گئی۔ اشیاء خورد ونوش کی قیمتیں آسمان سے باتیں کرنے لگیں۔ مہنگائی کی وجہ سے عوام کا جینا دوبھر ہو کر رہ گیا۔ غریب دو وقت کی روٹی کھانے سے بھی محروم۔ بازاروں میں سبزی، فروٹ، گوشت، دودھ، دہی اور دیگر اشیاء خورد ونوش کی قیمتوں میں دن بدن اضافے کے سبب غریب عوام بے کسی کی زندگی گزارنے پر مجبور۔ غریب محنت کش پورا دن محنت کرنے کے باوجود اپنے بچوں کا پیٹ پالنے سے قاصر ہے۔ دو کاندار گورنمنٹ کی (باقی صفحہ جقیہ پر نمبر 45)



نارووال: محنت کش چوک بگلی گھر میں پودوں کی کٹائی کرنے میں مصروف ہیں۔

## یوسف والا کول ٹرین رکن پور کے قریب پٹڑی سے اتر گئی، ٹرین آپریشن معطل

لاہور (سٹاف رپورٹر) کراچی سے آنے والی یوسف والا کول ٹرین رکن پور کے قریب پٹڑی سے اتر گئی۔ کول ٹرین تقریباً صبح پونے پانچ بجے حادثہ کا شکار ہوئی جس سے لائن بلاک ہونے سے ٹرین آپریشن معطل ہو گیا۔

## عالمی منڈی میں پٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں کم ہوتے ہی عوام کو ریلیف فراہم کیا جائیگا، وفاقی وزیر پٹرولیم

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) وفاقی وزیر پٹرولیم علی پرویز ملک نے موسم سرما میں توانائی کے غیر ضروری استعمال سے گریز اور بچت کو فروغ دینے پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ توانائی کے استعمال میں معمولی احتیاط بھی قیمتی زرمبادلہ کی بچت کا ذریعہ بن سکتی ہے، ایران امریکا کشیدگی سے عالمی منڈی میں پٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں متاثر ہوئیں، عالمی منڈی میں پٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں کم ہوتے ہی عوام کو بھی فوری ریلیف فراہم کیا جائے گا۔ اتوار کو نجی یونیورسٹی کے کانووکیشن سے خطاب (باقی صفحہ جقیہ پر نمبر 43)

## سیاست میں بڑھتی تلخی قومی مسائل میں اضافے کا باعث بن رہی ہے، آل پاکستان انجمن تاجران

لاہور (سٹاف رپورٹر) آل پاکستان انجمن تاجران کے مرکزی صدر اشرف بھٹی نے ملک میں سیاسی کشیدگی اور بڑھتی ہوئی تلخی پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ محاذ آرائی کی سیاست قومی مسائل میں اضافے کا باعث بن رہی ہے، موجودہ حالات میں سیاسی قیادت کو انا اور جماعتی اختلافات سے بالاتر ہو کر ملکی مفاد کو ترجیح دینا ہوگی۔ اشرف بھٹی نے تجویز دی کہ ملک میں سیاسی استحکام، معاشی بہتری اور قومی اتفاق رائے کے لیے نئے میثاق کی تشکیل پر پیشرفت کی جائے۔ سیاست کے معتبر (باقی صفحہ جقیہ پر نمبر 44)

## افغان طالبان رجیم کی دہشتگردوں کو امریکی اسلحہ فراہمی کے ہوشربا شواہد سامنے آگئے

**امریکی ہتھیاروں کی دہشتگرد گروہوں تک رسائی کے سنگین پہلو کو بے نقاب کر چکے ہیں، رپورٹ**

کابل (سٹاف رپورٹر) افغان طالبان رجیم کی جانب سے فتن الہندوستان اور فتن الخوارج کو امریکی ساختہ اسلحہ فراہم کرنے کے شواہد سامنے آگئے۔ بلوچستان میں سیکیورٹی فورسز نے ہلاک ہونے والے بھارتی را کے فتن الہندوستان کے دہشت گردوں سے امریکی ساختہ ہتھیار برآمد کیے ہیں، جس میں M16 اور M4 رائفلز، ایمنگ لیزر اور نائٹ ویژن ڈیوائسز شامل ہیں۔ طالبان لیڈر ملا ہب اللہ کا فتن الہندوستان کو طالبان رجیم کی جانب سے اسلحہ فراہمی کے لیے لکھا گیا خط بھی دونوں کے (باقی صفحہ جقیہ پر نمبر 47)



لاہور: صوبائی دارالحکومت لاہور کی مرکزی شاہراہ مال روڈ پر تعطیل کے روز ٹریفک کا بہاؤ نہ ہونے کے برابر ہے۔

## حماد اظہر کی درخواست ضمانت پر سماعت (کل) ہوگی

لاہور (سٹاف رپورٹر) انسداد دہشتگردی کی خصوصی عدالت میں پاکستان تحریک انصاف کے رہنما حماد اظہر کی درخواست ضمانت پر سماعت کل (منگل) کو ہوگی (عدالت کی جانب سے پولیس سے رپورٹ طلب کیا گیا ہے۔ حماد اظہر کو 9 مئی کے جلاؤ گھیراؤ کے مقدمے میں گرفتار کیا گیا ہے۔

## اٹک، مختلف حادثات اور لڑائی جھگڑوں میں 10 افراد زخمی

اٹک (سٹاف رپورٹر) ضلع اٹک میں ٹریفک حادثے اور دو مختلف مقامات پر گروپوں کے درمیان تصادم کے نتیجے میں مجموعی طور پر 10 افراد زخمی ہو گئے۔ تفصیلات کے مطابق تحصیل اٹک میں لکن ہاس سکول کے قریب ٹریکٹر ٹرالی سے اینٹیں گرنے کے باعث موٹر سائیکل سلپ ہو گئی جس کے نتیجے میں 45 سالہ عابد، 35 سالہ خاتون اور 10 سالہ (باقی صفحہ جقیہ پر نمبر 37)

## مولانا محمد عبداللہ نثار کو مرکزی جمعیت اہل حدیث پاکستان کا نائب امیر مقرر کر

عبدالحکیم (سٹاف رپورٹر) سربراہ مرکزی جمعیت اہل حدیث پاکستان سینیٹر ڈاکٹر حافظ عبدالکریم نے اپنے دستوری اختیارات کے تحت جماعت کے تنظیم مبلغ و مرکزی رہنما مولانا محمد عبداللہ نثار کو مرکزی جمعیت اہل حدیث پاکستان کا نائب امیر مقرر کر کے نوٹیفکیشن جاری کر دیا۔

## متوسط اور غریب طبقہ کے افراد کے لئے تن کو ڈھانپنا چیلنج بن گیا

مکو آنہ (سٹاف رپورٹر) سردی کی شدت میں اضافہ، گرم کپڑوں اور جوتوں کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ، متوسط اور غریب طبقہ کے افراد کے لئے تن کو ڈھانپنا چیلنج بن گیا۔ سردی کا موسم عروج پر آتے ہی زیب تن کئے جانے والے ملبوسات اور جوتوں کی قیمتوں میں کاندا روں نے خود ساختہ اضافہ کر کے مہنگائی کے ستائے لوگوں کی (باقی صفحہ جقیہ پر نمبر 38)

## برطانوی شاہی محل میں لڑکیاں اسمگل ہونیکا انکشاف، تحقیقات جاری

**کچھ معلومات موصول ہوئی ہیں جن پر ابتدائی مراحل کی انکوائری جاری ہے، پولیس**

لندن (سٹاف رپورٹر) پولیس اس وقت کی کھوج لگا رہی ہے جو بدنام زمانہ مجرم جفری ایپسٹین نے برطانوی شاہی خاندان کے اینڈریو ماؤنٹ بیٹن ونڈسر (سابقہ پرنس اینڈریو) کے ساتھ اس نجی شاہی محل میں گزارا تھا۔ برطانوی ٹی وی کے مطابق پولیس کا کہنا تھا کہ انہیں اس حوالے سے کچھ معلومات موصول ہوئی ہیں جن پر ابتدائی مراحل کی انکوائری جاری ہے۔ یہ تفتیش ان الزامات (باقی صفحہ جقیہ پر نمبر 46)



## سوہاوہ میں ٹرک کی ٹکر سے موٹر سائیکل سوار 2 بھائی جاں بحق

سوہاوہ (سٹاف رپورٹر) سوہاوہ میں ٹرک کی ٹکر سے موٹر سائیکل سوار 2 بھائی جاں بحق ہو گئے۔ تفصیلات کے مطابق سوہاوہ میں ٹرک کی ٹکر سے موٹر سائیکل سوار 2 بھائی جاں بحق ہو گئے۔ جاں بحق بھائیوں کی شناخت 20 سالہ عمیر اور 18 سالہ حسنین کے نام سے ہوئی ہے۔ دونوں بھائی موٹر سائیکل پر سوہاوہ سے گھر جا رہے تھے کہ ٹرک نے ٹکر مار دی۔ ٹکر کے نتیجے میں دونوں بھائی موقع پر ہی جاں بحق ہو گئے۔ ریسکیو 1122 کے مطابق دونوں بھائیوں کی لاشیں ہسپتال منتقل کر دی گئیں۔ پولیس نے مقدمہ درج کر لیا۔

## چھٹی کے باوجود لاہور آلودہ ترین شہروں کی فہرست میں پہلے نمبر پر برا جمان رہا

**لاہور، گوجرانوالہ، فیصل آباد سمیت وسطی پنجاب کا فضائی معیار انتہائی مضر صحت قرار**

**عالمی ویب سائٹ نے لاہور، گوجرانوالہ اور فیصل آباد سمیت وسطی پنجاب کا فضائی معیار انتہائی مضر صحت قرار دے دیا**

لاہور (سٹاف رپورٹر) تعطیل کے باوجود صوبائی دارالحکومت لاہور دنیا کے آلودہ ترین شہروں کی فہرست میں پہلے نمبر پر رہا۔ ایئر کوالٹی انڈیکس کی مجموعی شرح 448 ریکارڈ کی گئی۔ فضائی آلودگی کے اعداد و شمار کے مطابق اقبال ٹاؤن میں اے کیو آئی 617، بیرا کہو سٹی میں 513 اور ماڈل ٹاؤن میں 453 ریکارڈ کیا گیا۔ اسی طرح چمن پارک میں فضائی آلودگی کی شرح 430، برکی روڈ پر 427 جبکہ ڈی ایچ اے فیز فائیو میں اے کیو آئی 324 ریکارڈ ہوا۔ عالمی ویب سائٹ نے لاہور، گوجرانوالہ اور فیصل آباد سمیت وسطی پنجاب کا فضائی معیار انتہائی مضر صحت قرار دے دیا۔ عالمی ویب سائٹ کے مطابق صبح کے وقت گوجرانوالہ میں پارٹیکولیٹ میٹرز کی تعداد 612، لاہور میں 475، فیصل آباد میں 371 اور ملتان میں 350 ریکارڈ کی گئی۔ دنیا کے (باقی صفحہ جقیہ پر نمبر 48)



لاہور: صوبائی دارالحکومت لاہور میں سموگ کی وجہ سے فضا ابر آلود ہے۔

## غربت میں 7 فیصد اضافہ، پاکستان میں ہر 6 میں سے ایک فرد بے روزگار

**عالمی بینک نے پاکستان میں معاشی استحکام کے باوجود روزگار کے بحران سے خبردار کر دیا۔ جی ڈی پی گروتھ 7.3 فیصد جبکہ بے روزگاری 7 فیصد تک پہنچ گئی**

**ملک میں ہر سال 36 لاکھ نوجوان روزگار کی تلاش میں مارکیٹ میں آ رہے ہیں جبکہ مزدور کی آمدن میں کمی اور مہنگائی میں مسلسل اضافہ جاری ہے۔**

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) عالمی بینک نے پاکستان میں معاشی استحکام کے باوجود روزگار کے بحران سے خبردار کر دیا۔ جی ڈی پی گروتھ 7.3 فیصد جبکہ بے روزگاری 7 فیصد تک پہنچ گئی۔ ملک میں ہر سال 36 لاکھ نوجوان روزگار کی تلاش میں مارکیٹ میں آ رہے ہیں جبکہ مزدور کی آمدن میں کمی اور مہنگائی میں مسلسل اضافہ جاری ہے۔ معاشی ترقی کے ثمرات عوام تک پہنچانے کے لیے اصلاحات اور فنی شعبے میں روزگار کے مواقع بڑھانے پر بھی زور دیا گیا ہے۔ عالمی بینک نے پاکستان ڈیولپمنٹ اپ ڈیٹ رپورٹ 2026 جاری کر دی۔ پاکستان میں گزشتہ 6 سال میں غربت میں 7 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ پاکستان میں 19-2018 میں غربت کی شرح 22 فیصد تھی، ملک میں سال 25-2024 کے دوران غربت بڑھ کر 29 فیصد ہو گئی۔ سال 2024 میں پاکستان میں بے روزگاری کی شرح 7 فیصد ریکارڈ کی گئی۔ رپورٹ کے مطابق غربت میں اضافے کی وجہ کم ہوتی حقیقی لیبر انکم ہے،

## سیالکوٹ، این او سی کی شرائط کی خلاف ورزی پر نک ٹاکر مسٹر پتلو کی محفل سماع وقوالی نائٹ منسوخ

سیالکوٹ (سٹاف رپورٹر) ضلع سیالکوٹ میں ڈسکہ روڈ پر نجی فنکشن کے دوران نک ٹاکر کی محفل سماع وقوالی نائٹ کا پروگرام این او سی کی شرائط کی خلاف ورزی پر شروع ہونے سے قبل ہی منسوخ کر دیا گیا۔ ترجمان ضلعی انتظامیہ کے مطابق این او سی کی شرائط کے تحت پروگرام کا آغاز نماز عشا کے (باقی صفحہ جقیہ پر نمبر 59)



پشاور: گورنر کے پی فیصل کریم کنڈی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

## وزراء انتقام کی بجائے اصلاحات پر توجہ دیں، جے یو آئی (س)

**بدقسمتی سے ملک میں ہر طرف بدامنی، بیروزگاری، بدحالی، لاقانونیت، افراتفری کا دور دورہ ہے**

لاہور (این این آئی) جمعیت علمائے اسلام (س) لاہور کے امیر ومرکزی سالار مولانا قاری اعظم حسین، امیر مولانا پیر عبدالقدوس تشنبندی، ناظم اعلیٰ مولانا ایوب خان، ڈپٹی سیکرٹری پیر اکبر ساقی، لاہور کے ناظم اعلیٰ مولانا طیب عثمانی، نائب امیر مولانا صلاح الدین ایوبی، قاری واحد بخش، قاری رحمت اللہ لاشاری، انجینئر خالد نمپ، عبدالحمید تونسوی، مولانا محمد ممتاز، مولانا توقیر عباس اور حافظ محمد فاروق سمیت دیگر رہنماؤں نے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ وزراء انتظام کی بجائے اصلاحات پر توجہ دیں، سیاسی جماعتوں کے رہنماؤں کے خلاف بیانات اور ملک میں افراتفری کی صورتحال تشویشناک (باقی صفحہ جقیہ پر نمبر 39)

## رباعمر ڈار کی حکومتی پالیسیوں پر تنقید، مہنگائی سے عوام پریشان

**حکومت عوام کو معاشی ریلیف دے، روزگار کے مواقع پیدا کرے: رباعمر ڈار**

سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما وٹنٹ ہولڈر رباعمر ڈار نے کہا ہے کہ موجودہ حکمرانوں کی پالیسیوں کے باعث عوام کو درپیش معاشی مشکلات میں اضافے پر شدید تشویش پائی جاتی ہے مہنگائی، بیروزگاری، امن وامان کی صورتحال اور معاشی عدم استحکام نے عام شہریوں کی زندگی مشکل بنا دی ہے جبکہ تنخواہ دار طبقہ، مزدور دیہاڑی دار اور چھوٹے کاروباری افراد بڑھتے اخراجات کے باعث شدید مالی دباؤ کا سامنا کر رہے ہیں۔ پاکستان تحریک انصاف کے رہنما وٹنٹ ہولڈر رباعمر ڈار نے سٹی سیکرٹری اطلاعات ونشریات میاں شان علی قمر سے ملاقات کے دوران گفتگو کرتے (باقی صفحہ جقیہ پر نمبر 55)

## گلگت بلتستان میں یوم آزادی جوش وجذبے سے منایا گیا

**یکم نومبر 1947 کو پاکستان سے الحاق اور ڈوگرا راج کے خاتمے کے لیے گلگت بلتستان کے عوام جنگ آزادی میں کامیاب ہوئے تھے**

گلگت (سٹاف رپورٹر) گلگت بلتستان میں یکم نومبر کو یوم آزادی قومی جوش وجذبے کے ساتھ منایا گیا۔ یکم نومبر 1947 کو پاکستان سے الحاق اور ڈوگرا راج کے خاتمے کے لیے گلگت بلتستان کے عوام جنگ آزادی میں کامیاب ہوئے تھے۔ یکم نومبر 1947 کو گلگت سکاؤٹس اور مقامی جانبازوں نے ہندوستانی فوج کے غاصب دلیری اور پوری قوت سے مقابلہ کیا اور علاقے میں پاکستانی پرچم لہرایا، ایک سال کی جدوجہد کے بعد 14 اگست 1948 کو بلتستان کو بھی ہندوستان کے تسلط سے آزاد کرا لیا گیا۔ جنگ آزادی کے دوران گلگت بلتستان کے بہادر جوانوں نے دشمن کو شکست دی اور اپنی سرزمین کو (باقی صفحہ جقیہ پر نمبر 54)



لاہور: تعطیل کے روز باغ جناح کی سیر کیلئے آئے بچے کھیل کود میں مصروف ہیں۔

## انکم ٹیکس گوشوارے جمع کرانے کی آخری تاریخ ختم

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) انکم ٹیکس گوشوارے جمع کرانے کی آخری تاریخ 31 اکتوبر گزرتے ہی ختم ہو گئی جس کے بعد انکم ٹیکس گوشوارے جمع کرانے پر جرمانہ عائد ہوگا، تاہم وہ لوگ اس جرمانے سے بچ سکیں گے، جنہوں نے گوشوارہ جمع کرانے کی تاریخ میں ہچکی سے توسیع کی درخواست (باقی صفحہ جقیہ پر نمبر 53)

## جرمنی بھی احتجاج کی لپیٹ میں آ گیا، مہنگائی کے خلاف ہزاروں نوجوان سڑکوں پر نکل آئے

**ماحولیاتی مسائل اور لازمی فوجی سروس دوبارہ متعارف کرانے کی ممکنہ تجویز کے خلاف مظاہرے**

پیرس (سٹاف رپورٹر) فرانس میں مہنگائی کے خلاف شروع ہونے والے احتجاج نے جرمنی کو بھی اپنی لپیٹ میں لے لیا جہاں گزشتہ روز ایک لاکھ 20 ہزار افراد نے مختلف شہروں میں حکومت کے خلاف مظاہرے کیے۔ جرمنی میں جنریشن زیڈ کی قیادت میں ہونے والے احتجاج میں مہنگائی، تعلیمی اداروں کے لیے ناکافی فنڈز، ماحولیاتی مسائل اور لازمی فوجی سروس دوبارہ متعارف کرانے کی ممکنہ تجویز کے خلاف آواز اٹھائی گئی۔ برلن، فرینکفرٹ، کولون اور میونخ سمیت بڑے شہروں میں مظاہرے کیے گئے۔ بعض مقامات پر احتجاج پرتشدد صورت اختیار کر گیا، جس کے بعد پولیس نے مظاہرین کو منتشر کرنے کے لیے واٹر کینن اور آنسو گیس سمیت مختلف اقدامات کیے۔ کولون میں مظاہرین کی جانب (باقی صفحہ جقیہ پر نمبر 57)

## برائلر گوشت کی قیمت مستحکم، فارمی انڈے مہنگے

**طلب زیادہ ہونے کی وجہ سے گوشت کی سرکاری نرخنامے سے زائد قیمت پر فروخت**

لاہور (سٹاف رپورٹر) شہر میں پرچون سطح پر فی کلو برائلر گوشت کی قیمت 541 روپے، زندہ برائلر مرغی کی قیمت 373 روپے فی کلو پر مستحکم جبکہ فارمی انڈوں کی قیمت 2 روپے اضافے سے 243 روپے فی درجن کی سطح پر رہی۔ اوپن مارکیٹ میں طلب زیادہ ہونے کی وجہ سے مختلف مقامات پر برائلر گوشت سرکاری نرخنامے سے 20 سے 30 روپے زائد قیمت پر فروخت ہوا۔

## وسطی پنجاب کا فضائی معیار انتہائی مضر صحت قرار دیدیا گیا

**دنیا کے بڑے آلودہ شہروں میں لاہور سرفہرست، کراچی تیسرے نمبر پر موجود، پارٹیکولیٹ میٹرز کی تعداد 173 ریکارڈ کی گئی**

لاہور (سٹاف رپورٹر) عالمی ویب سائٹ نے لاہور، گوجرانوالہ اور فیصل آباد سمیت وسطی پنجاب کا فضائی معیار انتہائی مضر صحت قرار دیدیا۔ عالمی ویب سائٹ کے مطابق اتوار کی صبح کے وقت گوجرانوالہ میں پارٹیکولیٹ میٹرز کی تعداد 612، لاہور میں 475، فیصل آباد میں 371 اور ملتان میں 350 ریکارڈ کی گئی۔ دنیا کے بڑے آلودہ شہروں میں لاہور سرفہرست ہے جبکہ کراچی (باقی صفحہ جقیہ پر نمبر 58)



لاہور: شہری انارکلی چوک میں گھریلو استعمال کی پرانی اشیاء کی خریداری کر رہے ہیں۔